Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹرانچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 17 | جمعرات ،9 جولائی 2026ء ، 23 محرم الحرام 1448ھ ، قیمت 20روپے | شمارہ 84

اتنی مراعات تو مغلِ اعظم کو بھی حاصل نہیں تھیں جتنی راتوں رات خیبر پختونخوا کے ایم پی ایز کو دے دی گئیں، عظمیٰ بخاری

اشرافیہ کو کوسنے والے خود اشرافیہ سے بڑھ کر مراعات سمیٹ رہے ہیں

یہ لوگ چاہتے ہیں کہ ڈی چوک یا کور کمانڈر ہاؤس پر حملہ کریں اور انہیں کوئی پوچھنے والا نہ ہو، صحافیوں کے اسمبلی میں داخلے کو حکومتی پسند و ناپسند سے مشروط کرنا آزادیِ صحافت پر حملہ ہے

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف گلگت بلتستان میں 100 میگاواٹ کے سولر پاور پراجیکٹ سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لاہور (این ای این) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے خیبر پختونخوا اسمبلی سے اراکینِ اسمبلی کی مراعات سے متعلق منظور کیے گئے بل کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ یہ بل رات کی تاریکی میں منظور کیا گیا اور عوام سے اس کی حقیقت چھپانے کی کوشش کی گئی۔ گزشتہ روز تک تحریک انصاف کے ترجمان اس بل کے وجود سے ہی انکار کرتے رہے، لیکن اب حقیقت سب کے سامنے (بقیہ نمبر 2)

اے ایم آئی میٹرز حامل صارفین کے بلنگ بیچ نمبرز کی از سر نو ترتیب

اقدام سے بروقت، درست اور شفاف میٹر ریڈنگ ممکن ہو گی

صارفین اپنا نیا بل ریفرنس نمبر آئیسکو ویب سائٹ سے حاصل کر سکتے ہیں، ترجمان

راولپنڈی (این ای این) چیف انجینئر کمرشل غلام سرور آئیسکو ہیڈ آفس اسلام آباد کے جاری لیٹر نمبر 29-121-4 مورخہ 01 جولائی 2026 کے مطابق راولپنڈی سٹی اور راولپنڈی کینٹ سرکلز میں اے ایم آئی میٹرز کے حامل بجلی صارفین کے بلنگ بیچ نمبرز (بقیہ نمبر 1)

مالی سال 26-2025 آئیسکو کی تاریخی کامیابی

گزشتہ مالی سال کے مقابلے میں قومی خزانے میں 6 ارب 50 کروڑ روپے کا اضافی ریونیو جمع

اسلام آباد (این ای این) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) نے مالی سال 26-2025 کے دوران شاندار انتظامی، تکنیکی اور مالی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں میں اپنی برتری ایک مرتبہ (بقیہ نمبر 3)

بجلی چوری کی روک تھام کیلئے میگا پراجیکٹ شروع کرنے کا فیصلہ

ڈیڑھ ارب کی لاگت سے سنگل فیز، تھری فیز سمارٹ میٹرز نصب کیے جائینگے

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی نے بجلی چوری اور لائن لاسز کے باعث اربوں روپے کے مالی نقصان پر قابو پانے کے لیے بڑے پیمانے پر سمارٹ میٹرز کی تنصیب کا منصوبہ شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع (بقیہ نمبر 40)

وفاقی کابینہ کی دسمبر تک پاسکو کو ختم کرنے کی منظوری

پاسکو ملازمین کے لیے 4 ارب 18 کروڑ روپے کے پیکیج کی منظوری دی گئی ہے، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی کابینہ نے دسمبر تک پاسکو کو ختم کرنے کی منظوری دے دی۔ ذرائع کے مطابق وفاقی کابینہ نے پاسکو کے ملازمین کے لیے خصوصی پیکیج کی بھی منظوری دے دی ہے۔ ذرائع کے مطابق پاسکو ملازمین (بقیہ نمبر 39)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا کاہنہ جیسے سانحات کی روک تھام کیلئے ''اپنا گھر، محفوظ گھر'' پروگرام شروع کرنے کا حتمی فیصلہ

گھروں کو محفوظ بنانے کیلئے ''اپنا گھر محفوظ گھر'' پروگرام کا آغاز

''اپنی چھت، اپنا گھر'' پروگرام کی دوسری قسط کو تین دن کے اندر جاری کرنے کا حکم، گھر بنانے کیلئے حصول قرض کو پہلے سے بھی زیادہ آسان بنانے کی ہدایت، ''اپنی چھت، اپنا گھر'' پروگرام کا دائرہ کار مزید وسیع کرنے پر اتفاق

''اپنا گھر، محفوظ گھر'' پروگرام کو 2 نئی کیٹیگریز میں متعارف کرانے پر غور، پروگرام کے تحت پنجاب بھر میں 1 لاکھ 34 ہزار 343 گھر مکمل، 1 لاکھ 80 ہزار سے زائد خاندانوں کیلئے بلاسود آسان اقساط کے قرض منظور

''اپنی چھت، اپنا گھر'' اور منسلک تمام پروگرامز پنجاب حکومت کا فلیگ شپ پراجیکٹ ہے، کوتاہی برداشت نہیں کرونگی، وزیراعلیٰ پنجاب، باکو میں ''پنجاب پاکستان پویلین'' کی شاندار کامیابی کی رپورٹ پیش

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کاہنہ سانحہ کی روک تھام کیلئے پنجاب کے گھروں کو محفوظ بنانے کے لئے ''اپنی چھت، اپنا گھر'' پروگرام سے ''اپنا گھر، محفوظ گھر'' پروگرام شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس میں ''اپنی چھت، اپنا گھر'' پروگرام کا دائرہ کار مزید وسیع کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ اس موقع پر ''اپنا گھر، محفوظ گھر'' پروگرام کے تحت 2 نئی کیٹیگریز متعارف کرانے پر غور کیا گیا۔ ''اپنا گھر، محفوظ گھر'' پروگرام کے تحت کمزور چھتوں والے خستہ حال اور مخدوش گھروں کو محفوظ بنا کر رینوویشن کے لئے 5 لاکھ دیے جائیں گے۔ ''اپنا گھر، محفوظ گھر'' پروگرام کے تحت نئی بلڈنگ سٹوری یا اضافی فلور بنانے کے لئے سود فری (بقیہ نمبر 48)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

فتنہ الہندوستان کے 19 دہشتگرد جہنم واصل، 11 جوان شہید

ہلاک دہشت گرد مسافروں اور مقامی شہریوں سے بھتہ وصول کرنے میں مصروف تھے

کوئٹہ / راولپنڈی (این این آئی) بلوچستان میں این-25 پر جھاؤ کراس اور کرارو کے درمیان انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران فتنہ الہندوستان کے 19 دہشت گرد ہلاک اور متعدد زخمی ہو گئے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق آپریشن کے دوران سیکیورٹی فورسز (بقیہ نمبر 41)

غیر قانونی اسلحے کی روک تھام کیلئے نیا قانون متعارف کرانے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے غیر قانونی اسلحے کی روک تھام کے لیے نیا قانون متعارف کرانے کا فیصلہ کرلیا۔ ذرائع کے مطابق محکمہ قانون نے عوام سے (بقیہ نمبر 42)

وزیراعلیٰ مریم نواز سے سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان کی ملاقات

وزیراعلیٰ کی بطور سپیکر پنجاب اسمبلی حکومتی اور اپوزیشن اراکین کو قانون سازی میں شمولیت کو یقینی بنانے کی ہدایت

صوبائی اسمبلی کی کارروائی کو باہمی ہم آہنگی سے فروغ دینے پر اتفاق، جیل اصلاحات کیلئے قانون سازی کے امور پر گفتگو

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے ملاقات کی۔ اس موقع پر عالمی صورتحال کے تناظر میں ملکی حالات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں صوبائی اسمبلی کی کارروائی کو باہمی ہم آہنگی سے فروغ دینے پر اتفاق کیا گیا۔ باہمی ملاقات میں جیل اصلاحات کیلئے قانون سازی کے امور پر گفتگو کی گئی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے بطور سپیکر پنجاب اسمبلی (بقیہ نمبر 49)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان ملاقات کر رہے ہیں

وفاقی وزیر سردار اویس احمد خان لغاری کی قیادت میں بجلی تقسیم کار کمپنی میپکو کی مالی اور انتظامی کارکردگی میں نمایاں بہتری

میپکو 1.05 ارب منافع کمانے والی کمپنی بن گئی

36 ارب کے خسارے کا سامنا کرنے والی میپکو نے مالی سال 26-2025 کا اختتام 1.05 ارب روپے کے منافع کیساتھ کیا

یہ کامیابی کسی وقتی اقدام کا نتیجہ نہیں بلکہ ایک مسلسل، منظم اور پائیدار اصلاحاتی عمل کا ثمر ہے، وفاقی وزیر سردار اویس احمد لغاری

اسلام آباد (این ای این) وفاقی وزیر پاور سردار اویس احمد خان لغاری کی قیادت میں وزارت توانائی (پاور ڈویژن) نے پاکستان کی سب سے بڑی اور مشکل بجلی تقسیم کار کمپنی ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) کی مالی اور انتظامی کارکردگی میں نمایاں بہتری یقینی بنائی ہے۔ مالی سال 24-2023 میں 36 ارب روپے کے خسارے کا سامنا کرنے والی میپکو نے مالی سال 26-2025 کا (بقیہ نمبر 4)

صوبائی وزرا نجی شجاع الرحمٰن، چوہدری شافع حسین، لاہور میں چینی قونصل جنرل ژن یان، ریجنل چیئرمین و نائب صدر ایف پی سی سی آئی ذکی اعجاز سی ای ٹی ڈیپ فیض احمد و دیگر پاک چین سفارتی تعلقات کی 75 ویں سالگرہ کا کیک کاٹ رہے ہیں

فٹ بال میچ کے دوران جھگڑا، 19 سالہ نوجوان قتل

لاہور (آئی آئی پی) مسلم ٹاؤن میں فٹ بال میچ کے دوران جھگڑے میں 19 سالہ نوجوان کو قتل کر دیا گیا، پولیس نے واقعے کا مقدمہ درج کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی ہے۔ صوبائی دارالحکومت کے علاقے مسلم ٹاؤن میں فٹ بال میچ کے دوران ہونے والے معمولی تنازع پر مخالفین کے (بقیہ نمبر 43)

ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر کا نیو ڈی سی کمپلیکس کا تفصیلی دورہ

تعمیراتی معیار، صفائی اور انتظامات کو مزید بہتر بنانے کی ہدایات، کمپلیکس میں شہریوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کو مزید بہتر بنایا جائے

نیو ڈی سی کمپلیکس جدید طرز کا انتظامی مرکز ثابت ہوگا جہاں شہریوں کو بہتر ماحول میں معیاری سرکاری خدمات فراہم کی جائیں گی

راولپنڈی (این ای این) ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے نیو ڈسٹرکٹ کمشنر کمپلیکس کا اچانک دورہ کیا اور کمپلیکس کے مختلف شعبہ جات، دفاتر، عوامی سہولت مراکز، تعمیراتی کام، صفائی ستھرائی اور مجموعی انتظامات کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران سے تعمیراتی کام کی پیش رفت، دستیاب سہولیات اور انتظامی امور پر تفصیلی بریفنگ لی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ کمپلیکس کے بقیہ رہ جانے والے کام اور فنشنگ کے معیار کو مزید بہتر بنایا جائے تاکہ شہریوں کو ایک جدید، منظم اور خوشگوار سرکاری (بقیہ نمبر 9)

شہباز گل پر انڈے پھینکنے کے کیس میں 5 سال بعد لیگی کارکنوں پر فردِ جرم عائد

ملزمان کا صحت جرم سے انکار، عدالت نے استغاثہ کے گواہان کو آئندہ سماعت پر طلب کرلیا

لاہور (اے ایف بی) پی ٹی آئی رہنما شہباز گل کی لاہور ہائیکورٹ میں پیشی کے دوران سیاہی اور انڈے پھینکنے کے مقدمے میں اہم پیش رفت، جوڈیشل مجسٹریٹ سعد (بقیہ نمبر 55)

لاہور: ڈپٹی ڈائریکٹر ڈی جی پی آر حفصہ جاوید خواجہ کا کامیاب پی ایچ ڈی پبلک ڈیفنس کے موقع پر اساتذہ اور شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

ڈینگی کیخلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر سختی سے عمل کیا جائے

روزانہ کی بنیاد پر فیلڈ سرگرمیوں میں مزید تیزی لائیں، تمام محکمے مربوط حکمت عملی کے تحت فیلڈ میں متحرک رہیں

ضلعی انتظامیہ ڈینگی کی روک تھام کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی، ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر

راولپنڈی (این ای این) ڈسٹرکٹ ایمرجنسی اینڈ ریسپانس کمیٹی برائے انسداد ڈینگی کا اہم اجلاس ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر کی زیر نگرانی منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈکوارٹر عبدالرحمٰن خان، چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ، ضلعی انتظامیہ، محکمہ صحت اور دیگر متعلقہ محکموں کے نمائندہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ضلع بھر میں انسدادِ ڈینگی سرگرمیوں، سرویلنس، ہاٹ اسپاٹس (بقیہ نمبر 5)

ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر نیو ڈسٹرکٹ کمشنر کمپلیکس کا دورہ کر رہے ہیں

بجلی کی قیمت میں 33 پیسے فی یونٹ اضافے کا نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) نے ایک ماہ کے لیے بجلی کی قیمت میں 33 پیسے فی یونٹ اضافے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق بجلی کی قیمت میں اضافہ مئی کے ماہانہ فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کی مد میں کیا گیا ہے، وصولی جولائی کے مہینے میں کی جائے گی۔ نیپرا کے فیصلے کا اطلاق کے الیکٹرک سمیت (بقیہ نمبر 50)

خیبر پختونخوا اسمبلی نے استحقاق سے متعلق ترمیمی ایکٹ منظور کرلیا

وقار کے خلاف رپورٹ، مسخ کارروائی یا تقریر شائع کرنے پر قید اور سزا ہوگی

پشاور (اے ایف بی) خیبر پختونخوا اسمبلی نے استحقاق سے متعلق ترمیمی ایکٹ منظور کرلیا۔ خیبر پختونخوا اسمبلی نے استحقاق ایکٹ کی خلاف ورزیوں پر سزائیں مقرر کی ہیں جس کے تحت اسمبلی یا قائمہ کمیٹی کی کارروائی، سوالات، قرارداد، تحریک یا تحریک (بقیہ نمبر 56)

ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر ڈسٹرکٹ ایمرجنسی اینڈ ریسپانس کمیٹی برائے انسداد ڈینگی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مائیکروسافٹ کا 4800 کے قریب ملازمین فارغ کرنے کا اعلان

واشنگٹن (آئی آئی پی) ٹیکنالوجی کمپنی مائیکرو سافٹ نے دنیا بھر میں اپنے تقریباً 4800 ملازمین کو فارغ کرنے کا اعلان کیا ہے جو کمپنی کی مجموعی عالمی افرادی قوت کا تقریباً 2.1 فی صد بنتے ہیں۔ ان برطرفیوں سے سب سے زیادہ متاثر ہونے والے شعبوں (بقیہ نمبر 44)

پارٹی میں کوئی بغاوت اور فارورڈ بلاک نہیں ہے، بیرسٹر گوہر

میرے پاس جو پیغام آیا اس میں بانی پی ٹی آئی یا بشریٰ کی جانب سے کوئی شکایت نہیں ہوئی

اسلام آباد (آئی آئی پی) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ بانی چیئرمین سے ملاقات روکیں گے تو نفرتیں اور تناؤ بڑھے گا۔ پارٹی میں کوئی بغاوت اور فارورڈ بلاک نہیں ہے، بانی پی ٹی آئی کی قیادت میں سب متحد ہیں۔ میڈیا سے گفتگو (بقیہ نمبر 51)

ترقیاتی منصوبوں میں غفلت برداشت نہیں کی جائیگی، ڈپٹی کمشنر مری

افسران عوامی مسائل کے بروقت حل اور بہتر طرزِ حکمرانی کیلئے اپنی ذمہ داریاں پوری دیانت داری اور پیشہ ورانہ انداز میں ادا کریں

ڈپٹی کمشنر آغا ظہیر عباس شیرازی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس، ترقیاتی منصوبوں کی بروقت اور معیاری تکمیل کی ہدایت

راولپنڈی (این ای این) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی زیر صدارت ڈپٹی کمشنر آفس میں ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں تمام متعلقہ محکموں کے ضلعی افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں مختلف سرکاری اداروں کی مجموعی کارکردگی، جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت اور عوامی فلاح و بہبود سے متعلق اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران متعلقہ افسران (بقیہ نمبر 8)

گھر میں لڑکیاں لانے پر شوہر نے اپنی اہلیہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر کو تشدد کا نشانہ بنا ڈالا

محکمہ سوشل ویلفیئر کی اسسٹنٹ ڈائریکٹر کو شوہر نے بال کاٹ ڈالے، موبائل فون توڑ ڈالا

سرگودھا (این این آئی) محکمہ سوشل ویلفیئر کی اسسٹنٹ ڈائریکٹر نے شوہر کو لڑکیاں گھر لانے سے منع کیا تو شوہر نے لڑکی گھر لا کر بیوی کو تشدد کا نشانہ بناتے ہوئے اس کے بال کاٹ ڈالے اور قیمتی موبائل فون چھین کر توڑ ڈالا۔ پولیس واقعہ کا مقدمہ درج کر لیا۔ (بقیہ نمبر 46)

زیر تعمیر مکان کی چھت گرنے سے مالک مکان اور مزدور جاں بحق

خانیوال (این این آئی) خانیوال میں زیرِ تعمیر مکان کا لینٹر اچانک زمین بوس ہوگیا، ملبے تلے دبنے والا مالک مکان اور ایک مزدور ہسپتال میں دم توڑ گیا، ایک مزدور کی حالت تشویشناک ہونے پر نشتر ہسپتال ملتان ریفر کر دیا گیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق خانیوال (بقیہ نمبر 45)

چین میں تباہ کن سیلاب پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

مشکل گھڑی میں چینی بہن بھائیوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں، صدر، وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے چین میں تباہ کن سیلاب اور شدید بارشوں سے ہونے والے نقصان پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ بدھ کو سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری بیان میں (بقیہ نمبر 52)

لاہور، صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین پرتگال کے قومی دن کی تقریب میں پرتگال کے سفیر اور دیگر کے ہمراہ کیک کاٹ رہے ہیں

آزاد کشمیر کی مہاجر نشستیں کسی صورت ختم نہیں ہونے دیں گے، سعد رفیق

اٹک (این این آئی) سابق وفاقی وزیر خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر کی مہاجر نشستیں کسی صورت ختم نہیں ہونے دیں گے۔ شیخ آفتاب احمد کی رہائش گاہ پر پارٹی کارکنوں اور رہنماؤں سے خطاب کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 58)

ایس ای سی پی میں نئی کمپنیوں کی رجسٹریشن میں نمایاں اضافہ

ایس ای سی پی میں جنوری سے اب تک 18057 نئی کمپنیاں رجسٹرڈ

اسلام آباد (این این آئی) ایس ای سی پی میں نئی کمپنیوں کی رجسٹریشن میں نمایاں اضافہ ہوگیا۔ کاروباری سہولتوں کے فروغ کے لیے ڈیجیٹل اصلاحات کا دائرہ مزید وسیع ہوگیا۔ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان میں جنوری 2026 سے اب تک 18 ہزار 57 نئی کمپنیاں رجسٹرڈ کی جا چکی ہیں۔ ایس ای سی پی کے مطابق ملک بھر میں ایک لاکھ 9 (بقیہ نمبر 57)

انٹرمیڈیٹ پہلا سالانہ امتحان 2026 کامیابی سے اختتام پذیر

امتحانی عملے، افسران اور ملازمین کی انتھک محنت قابلِ ستائش، میرٹ اور شفافیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا چیئرمین تعلیمی بورڈ راولپنڈی پروفیسر ڈاکٹر اقبال محمود

امتحانات کے کامیاب انعقاد میں تمام متعلقہ اداروں کا تعاون قابلِ تحسین ہے کنٹرولر امتحانات تنویر اصغر اعوان

راولپنڈی (این ای این) تعلیمی بورڈ راولپنڈی کے زیر انتظام انٹرمیڈیٹ پہلا سالانہ امتحان 2026 اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے کامیابی اور بہترین انتظامات کے ساتھ اختتام پذیر ہوگیا۔ چیئرمین تعلیمی بورڈ راولپنڈی پروفیسر ڈاکٹر اقبال محمود نے امتحانات کے شفاف، منظم اور پُرامن انعقاد پر کنٹرولر امتحانات تنویر اصغر اعوان، سیکرٹری تعلیمی بورڈ راولپنڈی امجد اقبال خٹک، بورڈ افسران، ملازمین اور (بقیہ نمبر 6)

6 سالہ بچے کے بہیمانہ قتل اور مبینہ زیادتی کے واقعے کا نوٹس

ذمہ داروں کو قانون کی مکمل گرفت میں لاکر قرار واقعی سزا دلائی جائے، سید مراد علی شاہ

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے نیپیئر کے علاقے میں 6 سالہ بچے کے بہیمانہ قتل اور مبینہ زیادتی کے افسوسناک واقعے کا سخت نوٹس لیتے ہوئے انسپکٹر جنرل (آئی جی) پولیس سندھ سے فوری اور تفصیلی رپورٹ طلب کر لی (بقیہ نمبر 53)

سردار عامر علی خان کی ایم ڈی OGDCL احمد حیات لک سے ملاقات

ایم ڈی او جی ڈی سی ایل نے سروے کیمپ ایس پی 1 سے متعلقہ مسائل حل کرنے کی یقین دہانی کروا دی

ایم ڈی او جی ڈی سی ایل احمد حیات لک نے تمام مسائل کے فوری حل کے لیے احکامات جاری کر دیئے

اسلام آباد (این ای این) معروف سیاسی و سماجی شخصیت سردار عامر علی خان نے ایم ڈی او جی ڈی سی ایل احمد حیات لک سے ملاقات کی اور فتح جنگ کے گاؤں شہرائے بہادر میں قائم سروے کیمپ ایس پی 1 سے متعلقہ مسائل سے ایم ڈی کو آگاہ کیا جس پر ایم ڈی او جی ڈی سی ایل احمد حیات لک نے تمام مسائل کے فوری حل کے لیے احکامات جاری کردیے لیبر کو سرکاری لیبر لاء کے مطابق تنخواہوں کی ادائیگی اور تمام ملازمین کو کھانا بھی فراہم کرنے کی یقین دہانی اور مقامی آبادی کو بغیر کسی سفارش کے نوکریاں بھی فراہم کی جائیں گی اس کے ساتھ ساتھ ایم ڈی او جی ڈی سی ایل نے لنک روڈ کی (بقیہ نمبر 7)

سردار عامر علی خان، ایم ڈی او جی ڈی سی ایل احمد حیات لک سے ملاقات کے موقع پر

ایچ آئی وی کا مبینہ پھیلاؤ، بڑے پیمانے پر اسکریننگ کرنے کا فیصلہ

وفاقی حکومت کی جانب سے سندھ حکومت کو مکمل معاونت فراہم کی جائے گی

کراچی (اے ایف بی) کراچی کی پٹھان کالونی اور ولیکا اسپتال میں ایچ آئی وی کے مبینہ پھیلاؤ کے پیشِ نظر حکومت نے بڑے پیمانے پر اسکریننگ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ذرائع کا کہنا ہے کہ سندھ ایڈز کنٹرول پروگرام ولیکا اسپتال اور پٹھان کالونی کے علاقوں میں ہنگامی بنیادوں پر ایچ آئی وی اسکریننگ کا آغاز (بقیہ نمبر 54)

سندھ طاس معاہدے کی معطلی غیر قانونی، پانی کو ہتھیار بنانا دہشت گردی ہے، پاکستان

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کی فوڈ سیکیورٹی کانفرنس میں بھارتی مندوب کے بے بنیاد الزامات پر پاکستان نے دوٹوک جواب دیتے ہوئے کہا ہے کہ سندھ طاس معاہدے کی معطلی غیر قانونی ہے، پانی کو ہتھیار بنانا دہشت گردی ہے۔ پاکستانی نمائندے نے خطاب میں سندھ طاس معاہدے کی معطلی غیر قانونی قرار دے کر اقوام متحدہ میں (بقیہ نمبر 47)

کنٹرولر امتحانات تعلیمی بورڈ راولپنڈی تنویر اصغر اعوان امتحان انٹرمیڈیٹ پارٹ I سالانہ 2026 کے سلسلہ میں امتحانی مرکز کا دورہ کرتے ہوئے

عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

چھوٹی اور درمیانی صنعتوں کی اہمیت

وزیراعظم شہباز شریف نے سمیڈا کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے چھوٹے اور درمیانے درجے کی صنعتوں اور کاروبار کو قرضوں کی فراہمی کیلئے سٹیٹ بینک آف پاکستان اور کمرشل بینکوں کے اشتراک سے ایک جامع حکمت عملی مرتب کرنے کی ہدایت کی ہے۔ چھوٹے اور درمیانے درجے کی صنعتیں مضبوط اور مستحکم معیشت کی بنیاد بنتی ہیں۔ وطنِ عزیز میں بھی ایس ایم ایز معیشت کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہیں۔ مختلف معاشی رپورٹس کے مطابق یہ شعبہ جی ڈی پی میں تقریباً 40 فیصد حصہ ڈالتا ہے' برآمدات میں اس کا حصہ 25 فیصد سے زائد ہے جبکہ نان ایگریکلچر ورک فورس کا تقریباً 80 فیصد اسی شعبے سے وابستہ ہے۔ لیکن اتنی اہمیت کے باوجود یہ شعبہ گوناں گوں مسائل کا شکار ہے' سرمایہ تک محدود رسائی سب سے بڑا مسئلہ ہے۔ بیشتر چھوٹے کاروباری افراد بینکوں کی سخت شرائط' بھاری ضمانتوں' قرضوں کی منظوری میں غیر ضروری تاخیر اور بلند شرح سود کے باعث مالیاتی نظام سے فائدہ نہیں اٹھا پاتے۔ اگر کمرشل بینک ایس ایم ایز کیلئے آسان شرائط پر قرضے' کم شرح سود' تیز رفتار منظوری اور جدید ڈیجیٹل فنانسنگ کے نظام متعارف کراتے ہیں تو نہ صرف اس شعبے میں سرمایہ کاری میں اضافہ ہوگا بلکہ روزگار کے لاکھوں نئے مواقع بھی پیدا ہوں گے۔ آسان قرضوں کی فراہمی کیساتھ ساتھ حکومت کو پیچیدہ رجسٹریشن اور ٹیکس نظام' سرکاری اداروں کی سست روی اور توانائی کی بلند قیمتوں جیسے مسائل پر بھی توجہ دینا ہوگی۔

سیاسی استحکام ہی معاشی استحکام کی ضمانت ہے

چشمِ نم
رشید احمد نعیم
Rasheed03014033622@gmail.com

پاکستان اس وقت اپنی تاریخ کے ایک ایسے نازک موڑ پر کھڑا ہے جہاں سیاسی اور معاشی معاملات کو الگ الگ خانوں میں رکھ کر نہیں دیکھا جا سکتا۔ یہ حقیقت اب کسی دلیل کی محتاج نہیں رہی کہ معیشت صرف اعداد وشمار، بجٹ، ٹیکس وصولیوں یا زرمبادلہ کے ذخائر کا نام نہیں بلکہ اس کا گہرا تعلق ریاست کے سیاسی مزاج، ادارہ جاتی استحکام، پالیسیوں کے تسلسل اور عوامی اعتماد سے ہے۔ دنیا کی معاشی تاریخ اس امر کی گواہ ہے کہ جن ممالک نے سیاسی استحکام، قانون کی حکمرانی اور پائیدار پالیسیوں کو اپنی ترجیح بنایا انہوں نے نہ صرف اقتصادی میدان میں نمایاں کامیابیاں حاصل کیں بلکہ اپنی عوام کے معیار زندگی کو بھی بہتر بنایا۔ اس کے برعکس جہاں سیاسی بے یقینی، محاذ آرائی اور غیر یقینی فیصلے معمول بن گئے وہاں معاشی ترقی کی رفتار بھی سست پڑ گئی اور عوامی مشکلات میں اضافہ ہوتا چلا گیا۔

پاکستان کی معیشت گزشتہ کئی برسوں سے مختلف داخلی اور بیرونی چیلنجز سے نبرد آزما ہے۔ مہنگائی، مالیاتی خسارہ، بڑھتا ہوا قرض، صنعتی سست روی، برآمدات میں مطلوبہ اضافہ نہ ہونا، توانائی کے مسائل اور سرمایہ کاری میں کمی ایسے عوامل ہیں جنہوں نے معاشی منظرنامے کو پیچیدہ بنا دیا ہے۔ ان مشکلات کے اسباب صرف اقتصادی نہیں بلکہ ان کے پس منظر میں سیاسی عدم استحکام بھی ایک اہم حقیقت کے طور پر موجود ہے۔ جب ملک میں سیاسی کشیدگی بڑھتی ہے تو حکومت اور اپوزیشن مسلسل محاذ آرائی میں مصروف رہتی ہیں۔ احتجاجی سیاست معمول بن جاتی ہے اور قومی معاملات پر اتفاق رائے کا فقدان پیدا ہو جاتا ہے تو اس کے اثرات براہ راست معیشت پر مرتب ہوتے ہیں۔

سرمایہ کاری کا بنیادی اصول اعتماد ہے۔ کوئی بھی مقامی یا غیر ملکی سرمایہ کار اپنا سرمایہ ایسے ماحول میں لگانا پسند نہیں کرتا جہاں مستقبل غیر یقینی ہو، پالیسیوں میں بار بار تبدیلی آتی ہو یا ریاستی فیصلے سیاسی اتار چڑھاؤ کے تابع ہوں۔ یہی وجہ ہے کہ دنیا کے ترقی یافتہ ممالک میں حکومتیں بدلتی رہتی ہیں مگر اقتصادی سمت تبدیل نہیں ہوتی۔ وہاں قومی معاشی پالیسیوں کو سیاسی اختلافات کی نذر نہیں کیا جاتا بلکہ انہیں ریاستی ترجیحات کا حصہ سمجھا جاتا ہے۔ پاکستان کو بھی اسی سوچ کی ضرورت ہے کہ معاشی اصلاحات کو وقتی سیاسی مفادات سے بالاتر رکھا جائے۔ گزشتہ چند برسوں کے تجربات نے واضح کیا ہے کہ جب بھی سیاسی درجہ حرارت میں اضافہ ہوا اس کے ساتھ ہی کاروباری سرگرمیاں متاثر ہوئیں۔ اسٹاک مارکیٹ میں بے یقینی دیکھی گئی۔ روپے پر دباؤ بڑھا اور سرمایہ کاروں نے انتظار کی پالیسی اختیار کی۔ اس کے برعکس جب سیاسی ماحول نسبتاً پرسکون رہا تو معاشی اشاریوں میں بہتری کے آثار بھی نمایاں ہوئے۔ یہ تعلق اتفاقی نہیں بلکہ معاشیات کے بنیادی اصولوں کے مطابق ہے کیونکہ سرمایہ ہمیشہ استحکام، شفافیت کے حامل ماحول کا رخ کرتا ہے۔

معاشی استحکام کا مطلب صرف یہ نہیں کہ افراط زر کی شرح کم ہو جائے یا زرمبادلہ کے ذخائر بڑھ جائیں بلکہ اس کا اصل پیمانہ عام شہری کی زندگی میں بہتری ہے۔ اگر نوجوان کو باعزت روزگار مل رہا ہو، صنعت کار اعتماد کے ساتھ سرمایہ لگا رہا ہو، کسان کو اپنی محنت کا مناسب معاوضہ مل رہا ہو، تاجر مستقبل کے حوالے سے مطمئن ہو اور متوسط طبقہ مہنگائی کے بوجھ تلے نہ دبا ہو تو یہ معاشی استحکام کی حقیقی علامت ہے۔ یہ تمام اہداف اسی وقت حاصل کیے جا سکتے ہیں جب سیاسی استحکام اقتصادی منصوبہ بندی کو مستقل بنیاد فراہم کرے۔ پاکستان کو قدرت نے بے شمار وسائل سے نوازا ہے۔ زرخیز زمین، نوجوان افرادی قوت، معدنی ذخائر، جغرافیائی محلِ وقوع اور علاقائی تجارت کے امکانات ایسی قوتیں ہیں جن کی بنیاد پر ملک خطے کی اہم معیشت بن سکتا ہے مگر وسائل صرف امکانات پیدا کرتے ہیں ترقی کی ضمانت نہیں بنتے۔ ترقی کے لیے ضروری ہے کہ قومی پالیسیوں میں تسلسل ہو، ادارے اپنی آئینی حدود میں رہتے ہوئے مؤثر انداز میں کام کریں۔ سرمایہ کار کو قانونی تحفظ حاصل ہو اور ریاست کا نظم ونسق پیشہ ورانہ بنیادوں پر آگے بڑھے۔ یہ حقیقت بھی نظرانداز نہیں کی جا سکتی کہ سیاسی استحکام صرف حکومت کی ذمہ داری نہیں بلکہ اپوزیشن، پارلیمان، عدلیہ، ریاستی اداروں، ذرائع ابلاغ، کاروباری طبقے اور سول سوسائٹی سمیت تمام قومی قوتوں کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ اختلاف رائے ہر جمہوریت کا حسن ہے لیکن اختلاف اگر تصادم میں تبدیل ہو جائے تو اس کا سب سے زیادہ نقصان ریاست اور عوام کو اٹھانا پڑتا ہے۔ جمہوریت اسی لیے مضبوط سمجھی جاتی ہے کہ وہاں سیاسی مقابلہ ضرور ہوتا ہے مگر قومی مفادات پر اتفاق رائے بھی برقرار رہتا ہے۔

پاکستان کی نوجوان نسل آج بہتر مستقبل کی متلاشی ہے۔ لاکھوں تعلیم یافتہ نوجوان ہر سال روزگار کی منڈی میں داخل ہوتے ہیں مگر معیشت کی محدود رفتار ان کی صلاحیتوں کو جذب نہیں کر پاتی۔ اگر سیاسی ماحول پائیدار ہو، سرمایہ کاری بڑھے، صنعتی سرگرمیوں میں وسعت آئے، انفارمیشن ٹیکنالوجی، زراعت، سیاحت اور برآمدی شعبے کو مستقل پالیسیوں کے ذریعے فروغ دیا جائے تو یہی نوجوان قومی ترقی کا سب سے بڑا سرمایہ بن سکتے ہیں۔ اس کے برعکس مسلسل سیاسی بے یقینی ہنرمند افرادی قوت کے بیرونِ ملک انخلا کو تیز کرتی ہے جس کا نقصان آنے والی نسلوں تک محسوس کیا جاتا ہے۔ اسی طرح عالمی سطح پر بھی پاکستان کے بارے میں تاثر اس کی داخلی کیفیت سے جڑا ہوا ہے۔ بین الاقوامی مالیاتی ادارے، ترقیاتی شراکت دار اور سرمایہ کار کسی بھی ملک کی اقتصادی صلاحیت کے ساتھ اس کے سیاسی استحکام، شفاف حکمرانی اور قانونی نظام کا بھی جائزہ لیتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اقتصادی سفارت کاری صرف بیرونی تعلقات سے کامیاب نہیں ہوتی بلکہ اس کی بنیاد اندرونی استحکام پر استوار ہوتی ہے۔ جب ریاست اپنے داخلی معاملات میں اعتماد پیدا کرتی ہے تو بیرونی دنیا بھی اس پر زیادہ اعتماد کرتی ہے۔ یہ وقت الزام تراشی یا ایک دوسرے کو کمزور کرنے کا نہیں بلکہ قومی ترجیحات کے تعین کا ہے۔ معیشت کسی ایک جماعت، ایک حکومت یا ایک ادارے کا مسئلہ نہیں بلکہ پورے ملک کے مستقبل کا سوال ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ سیاسی قیادت انتخابی سیاست سے آگے بڑھ کر ایسے قومی معاشی ایجنڈے پر اتفاق کرے جو حکومتوں کی تبدیلی سے متاثر نہ ہو۔ ٹیکس اصلاحات، برآمدات میں اضافہ، توانائی کے شعبے کی بہتری، تعلیم، تحقیق، ہنرمندی، ڈیجیٹل معیشت اور سرمایہ کاری جیسے معاملات کو قومی پالیسی کا مستقل حصہ بنایا جائے تاکہ ہر آنے والی حکومت انہی اہداف کو مزید آگے بڑھائے۔

پاکستان کی تاریخ یہ سبق دیتی ہے کہ جب بھی قومی قیادت نے وسیع تر مفاد کو ذاتی یا جماعتی مفاد پر ترجیح دی ملک نے مثبت پیش رفت کی۔ آج بھی ضرورت اسی سیاسی بصیرت، آئینی بالادستی، ادارہ جاتی ہم آہنگی اور معاشی دور اندیشی کی ہے۔ مضبوط ریاست وہی ہوتی ہے جہاں سیاسی اختلافات آئین کے دائرے میں رہ کر حل ہوں۔ قانون سب پر یکساں نافذ ہو۔ ریاستی ادارے اپنی آئینی ذمہ داریاں پوری کریں اور معاشی فیصلے طویل المدتی قومی مفاد کو سامنے رکھ کر کیے جائیں۔ اگر پاکستان اس سمت میں مستقل مزاجی سے آگے بڑھنے میں کامیاب ہو جاتا ہے تو معاشی استحکام محض ایک خواہش نہیں بلکہ ایک قابلِ حصول حقیقت بن سکتا ہے۔ یہی وہ راستہ ہے جو نہ صرف موجودہ معاشی مشکلات سے نکلنے کی بنیاد فراہم کرے گا بلکہ آنے والی نسلوں کے لیے ایک مضبوط، خود اعتماد اور خوشحال پاکستان کی تعمیر کا ضامن بھی ثابت ہوگا۔

"ہزاروں دلوں کی دھڑکن"

تحریر سیدہ نزہت ایوب کاظمی
شہر اسلام آباد

آخر کار اس جہان سے زندگی کا سفر تمام ہوا۔ اور ایک بے چین روح اپنے خالق سے جا ملی۔ اے میرے محترم باادب قاری، ایران کا بادشاہ وہ علی ابن ابی طالب علیہ سلام کا بیٹا، بن کے ہر نیک دل کی صدا تا دمِ اخیر باطل سے خوب لڑا، مردِ مجاہد وہ حق کا پرستار حق پہ کھڑا رہا، عاجز وہ بردبار جس میں انکسار کوٹ کوٹ کر بھرا، فقر جس کا لبادہ رہا، جس کا چہرہ جنت سی ہوا جیسا، جس کا لہجہ ہو بہو شفا جیسا، جس کی باتوں سے نور برسے، جس کا تبسم قرار کو جلا بخشے، جس نے دین کی حفاظت کو حیات کا فریضہ سمجھا، جو پنجہ خونیں کے لئے پرخطر رہا، مشرق کا فخر، مقدر کا سکندر، وہ سینوں میں بن کے دل دھڑکا، بعد شہادت بن کے آنسو ہر آنکھ سے بہا۔ عشق و مستی میں وہ موجِ نسیم، اسے اور اس کے عدو کو دیکھ کر یاد آئیں فرعون وکلیم۔ مذاق جس کے عارفانہ، انداز سارے جاودانہ، یاد جس کو رکھے گا ایک زمانہ۔ جو حق کی خاطر شہید ہو کر اپنے کنبے کے سنگ کربلا والوں کے ساتھ جا ملا۔ باادب قاری، شہید آیت اللہ خامنائی اپنی حیات میں جنہوں نے ہمیشہ امتِ مسلمہ کو جوڑے رکھنے کی بات کی، دھیمے لہجے میں بات کرنے والے دھیمی چال چلنے والے، جب بھی بولے خیر کا بولے۔ اپنی قوم کی بیٹیوں کو ہمیشہ آئمہ طاہرین علیہ السلام کی تعلیمات سے آگاہی فرمایا کرتے بلکہ اپنی پوری قوم کی ہی تربیت اس طرح فرماتے کہ کبھی تذکرہء وحدانیت میں پیارے آقا محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرمانات بیان کرتے، کبھی حیات کے پیچ وخم سمجھاتے علی ابن ابی طالب کی حیات مقدسہ کے تجربات سامنے رکھتے۔ آپ ہمیشہ اپنی قوم کو چہاردہ معصومین علیہ السلام کی تعلیمات کی روشنی میں زندگی گزارنے کے اصول سکھاتے۔ آپ کو دیکھ کر یہ نہیں لگتا تھا کہ آپ ایک ریاست کے بادشاہ ہیں، لگتا جیسے رحیم رہنما ہوں۔ آپ کی شخصیت شفیق باپ جیسی لگتی۔ آپ کی ذات، آپ کے جد امجد علی علیہ سلام کی مکمل عکاس لگتی۔ دوسروں کے لئے یہ آپ کی شفقت کی تاثیر تھی کہ آپ سے ہر عمر کے نفوس والہانہ عقیدت بھری محبت کرتے۔ فرقہ واریت سے ہٹ کر تمام مسلمانوں کے لئے آپ مہربان سائبان کی طرح تھے۔ آپ نے صحیح معنوں میں سید ہونے کا حق ادا کر دیا۔ دنیا میں جہاں بھی مسلمان ستایا گیا آپ نے ان کے حق میں آواز بلند کی، بلکہ ان کی فریاد کو پہنچے۔ زندگی بھر آپ کا ایک ہی نظریہ رہا جیو اور جینے دو آپ نے اپنی قوم کو مشکلات میں کیسے جینا ہے سکھایا۔ آپ کی سوچ کے پرندے کی اڑان کبھی بھی بست نہ رہی۔ عدل، بھائی چارہ، اخوت کو نہ صرف پسند کرتے آپ کی تعلیمات انہی اصناف کا احاطہ کئے رکھتیں۔ اشتعال انگیزی سے مکمل پرہیز کرتے۔ تمام مسلم کو ایک پلیٹ فارم پر متحد دیکھنا چاہتے۔ مسلمان تو مسلمان آپ اپنے ہمسایہ ملک بھارت کے ساتھ بھائی چارے سے رہے، وہ الگ بات ہے کہ آپ کی ریاست کو بھارتیوں سے وہ نقصان اٹھانا پڑا جس کا ازالہ کبھی نہ ہو سکے گا۔ آپ نے سیدھی اور سادہ زندگی کا ہی درس دیا۔ سادگی اپنائی آپ اسلامی اصول وضوابط پر جیئے۔ آپ دشمنوں کے لئے انتہائی درشت، جبکہ اپنوں کے لئے شبنم سے بڑھ کر لطیف تھے۔ ماننا پڑے گا آپ کو قدردان قوم ملی آپ کی شہادت کی صورت میں مسلم اُمہ نے بہترین لیڈر کھویا ہے۔ خداداد اسلامی مملکت "اسلامی جمہوریہ پاکستان " کے ساتھ آپ نے مراسم اچھے رکھے ہاں بھارتیوں کی وجہ سے حالات گڑبڑ ضرور ہوتے رہے مگر "افواجِ پاکستان " کی مستقل مزاجی نے فاصلے کم ہی کئے، ایک وقت تھا جب بھارت ہی کی وجہ سے ایران پاکستان دور ہوا۔ یہاں "افواجِ پاکستان" اور "حکومتِ پاکستان " کو داد دینا بنتی ہے۔ جن کی ہمیشہ یہی کاوشیں رہیں کہ اس دوری کو ختم کیا جائے۔ یہ کاوشیں دنوں، ہفتے یا مہینوں پر محیط نہ تھیں اس دوری کو ختم کرنے میں سالوں لگے۔ "پاک "صبر، برداشت اور تحمل سے کوششیں کرتا رہا اور آخرِ کار ماشاءاللہ کامران ہوا۔ حالیہ جنگ کے دوران پاکستان ایران کے ساتھ ہر مشکل گھڑی میں کھڑا رہا۔ یہ بات بالکل سچ ہے جہاں جہاں انسان بستے ہیں وہاں وہاں ضرور فتنے کی ہوائیں بھی چلا کرتی ہیں۔ مگر وطنِ عزیز میں یہ ہوائیں آندھیوں کا روپ دھارے ہی رکھتی ہیں۔ ان طوفانی آندھیوں میں پاکستان اپنے ارادوں پر ڈٹا رہا۔ کوئی بھی اسے ہلا نہ سکا۔ حالیہ ایران میں لگی جنگ کے دوران پاکستان نے ایران کی حمایت میں دنیا کو بتا دیا کہ اصل میں بھائی ہونا کسے کہتے ہیں۔ مالی طور پر پاکستان کمزور سہی مگر بہادری میں، فہم میں، شعور میں اگر کہوں سرِ فہرست ہے تو غلط نہ ہوگا۔ اس نازک موقع پر پاکستان کی عوام بھی اپنی حکومت اور فوج کے شانہ بشانہ کھڑی رہی۔ خطے میں لگی حالیہ جنگ میں "افواجِ پاکستان " کی امن کے لئے کوششوں پر دنیا میں ہر وہ دل سرشار ہے جو زمین پر امن چاہتا ہے۔

آخر میں یہی عرض ہے کہ زمانے بدلتے رہتے ہیں حکومتیں آتی جاتی رہتی ہیں، مگر کردار، نظریات اور حق کے لئے دی گئی قربانیاں تاریخ کے صفحات سے کبھی نہیں مٹ سکتیں، جو شخص اپنی زندگی مظلوم کی حمایت، امت کی وحدت عدل وانصاف اور دین کی سربلندی کے لئے وقف کردے وہ صرف اپنے وطن ہی کا نہیں بلکہ لاکھوں دلوں کی دھڑکن بن جاتا ہے، ایسی شخصیات جسمانی طور پر رخصت ہو جائیں تو بھی ان کا فکر، ان کا پیغام اور ان کی جرأت زندہ رہتی ہے، نسلوں کی رہنمائی کرتی ہے۔ آج مسلم امہ کو سب سے زیادہ ضرورت اس بات کی ہے کہ اختلافات سے بلند ہو کر قرآن وسنت اور اہلِ بیتِ اطہار علیہم السلام کی پاکیزہ تعلیمات کی روشنی میں اخوت، محبت، برداشت اور اتحاد کا دامن تھامیں، یہی وہ راستہ ہے جو امت کو عزت، قوت اور سربلندی عطا کر سکتا ہے۔ بارگاہ الٰہی میں دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ عالمِ اسلام کو عمل، اتحاد اور استحکام عطا فرمائے، پاکستان اور ایران سمیت تمام مسلم ممالک کو باہمی احترام اور خیر خواہی کے رشتوں میں ہمیشہ قائم رکھے۔ مظلوموں کی مدد فرمائے شہداء کے درجات بلند فرمائے اور ہمیں حق کو پہچاننے کی، اس پر ثابت قدم رہنے اور انسانیت کی بھلائی کے لئے اپنا کردار ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے آمین ثم آمین کیونکہ آخرِ کار زندہ وہی رہتے ہیں، تاریخ اور انہی کو اپنے روشن صفات کی زینت بناتی ہے، جن کے کردار دلوں میں تڑپتے ہیں۔

SHOWBIZ شوبز

انسان کو ہمیشہ شکر گزاری کے ساتھ زندگی گزارنی چاہئے

جو زندگی اللہ نے آپ کے لیے لکھی ہے، وہ آپ کو گزارنی ہے، حنا خواجہ بیات

کراچی (این این آئی) اداکارہ، میزبان وسماجی کارکن حنا خواجہ بیات نے کہا ہے کہ انسان کو ہمیشہ شکر گزاری کے ساتھ زندگی گزارنی چاہئے۔ ایک انٹرویو میں حنا خواجہ بیات نے بتایا کہ میں اپنے والدین کے انتقال کے بعد اپنے شوہر کی جدائی کا صدمہ بھی برداشت کر چکی ہوں، جو کینسر کے خلاف طویل جدوجہد کے بعد انتقال کر گئے تھے۔ انہوں نے بتایا کہ والد کے انتقال کے بعد میری والدہ نے مجھے ایک ایسی بات سکھائی جو آج بھی میری زندگی کا اہم اصول ہے۔ حنا خواجہ بیات نے کہا کہ انسان کو ہمیشہ شکر گزاری کے ساتھ زندگی گزارنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ جو زندگی اللہ نے آپ کے لیے لکھی ہے، وہ آپ کو گزارنی ہے، اس لیے ہر دن کو قبول کریں اور شکر گزار رہیں۔

ریلیز کے بعد کسی فلم کو ختم نہیں کیا جاسکتا، دلجیت دوسانجھ

جب مواد عوام تک پہنچ جائے تو وہ ہمیشہ کسی نہ کسی صورت موجود رہتا ہے



ممبئی (این این آئی) بھارتی گلوکار اور اداکار دلجیت دوسانجھ نے اپنی فلم ستلج کو بھارت میں اسٹریمنگ پلیٹ فارم زی فائیو سے اچانک ہٹائے جانے کے بعد پہلی مرتبہ اس معاملے پر کھل کر اظہار خیال کیا ہے۔ اداکار کا کہنا ہے کہ فلم ایک بار ناظرین تک پہنچ جائے تو پھر اسے مکمل طور پر ختم کرنا ممکن نہیں رہتا۔ انسٹاگرام پر ایک لائیو سیشن کے دوران ایک مداح کے سوال کا جواب دیتے ہوئے دلجیت دوسانجھ نے کہا کہ اب انہیں فلم کے مستقبل کے حوالے سے کسی قسم کی تشویش نہیں۔ ان کے بقول ابتدائی دن ضرور فکر تھی، لیکن اب حالات مختلف ہیں۔

میری اولین ترجیح بیٹی کی تعلیم وتربیت ہے، فضا علی

سابق شوہر فواد سے طلاق کے بعد میں نے خود کو گھر تک محدود کر لیا تھا

کراچی (این این آئی) پاکستانی اداکارہ، ماڈل اور میزبان فضا علی نے انکشاف کیا ہے کہ میں نے اپنی بیٹی فرال فواد کے لیے اچھے رشتے کی خواہش کے پیش نظر طویل عرصے تک اپنی سماجی سرگرمیوں کو محدود رکھا۔ فضا علی نے حال ہی میں نجی ٹی وی چینل کے پروگرام میں اپنے شوہر اعجاز خان کے ہمراہ شرکت کی، جہاں انہوں نے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ سابق شوہر فواد سے طلاق کے بعد میں نے خود کو گھر تک محدود کر لیا تھا۔ ان کا کہنا ہے کہ میں نہ سماجی تقریبات میں شرکت کرتی تھی اور نہ ہی پارٹیوں میں جاتی تھی، کیونکہ میں ایک بیٹی کی ماں ہوں اور میں نہیں چاہتی تھی کہ میری بیٹی کے بارے میں کوئی منفی تاثر قائم ہو، کوئی اسے یہ کہے کہ اس کی ماں پارٹیز میں جاتی ہے۔ اداکارہ نے کہا کہ میری اولین ترجیح بیٹی کی تعلیم وتربیت اور اس کے لیے ایک اچھے رشتے اور مناسب خاندان کا انتخاب تھا۔

دھرمیندر نے کہا تھا ہمیشہ خاندان کے ساتھ ملکر رہنا، ہیما مالنی

اداکار دھرمیندر گزشتہ برس 24 نومبر کو 89 برس کی عمر میں چل بسے تھے

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کی سینئر اداکارہ ہیما مالنی نے دھرمیندر کی موت سے قبل ان کا آخری پیغام بتا دیا۔ اداکارہ نے اپنے سوتیلے بیٹوں سنی دیول اور بوبی دیول کے ساتھ اپنے تعلق پر بھی بات کی۔ واضح رہے کہ ہندی سینما کے سینئر ترین اداکار دھرمیندر گزشتہ برس 24 نومبر کو 89 برس کی عمر میں چل بسے تھے۔ ہیما مالنی نے بتایا کہ ان کے آنجہانی شوہر کا آخری پیغام خاندان کے اتحاد اور باہمی محبت کو برقرار رکھنے سے متعلق تھا۔ حال ہی میں ایک بھارتی میڈیا ادارے کو پوڈکاسٹ انٹرویو میں 78 سالہ ہیما مالنی نے آنجہانی شوہر کی موت سے قبل اہلِ خانہ کے لیے دیے گئے آخری پیغام کا ذکر کیا۔ اداکارہ اور بھارتی پارلیمنٹ کی رکن نے کہا انہوں نے بالکل یہی کہا تھا کہ ہمیشہ خاندان کے ساتھ ملکر رہنا۔ چاہے کوئی بھی کام ہو، خاندان کو ہمیشہ اہمیت دینی چاہیے۔

امریکی ٹک ٹاکر ڈریم ڈول بری فائرنگ سے ہلاک

فلوریڈا (این این آئی) امریکا کی ریاست فلوریڈا سے تعلق رکھنے والی معروف ٹک ٹاکر اور سوشل میڈیا انفلوئنسر بریانا جانسن، جو ڈریم ڈول بری Dreamdoll_Brii کے نام سے جانی جاتی تھیں، فائرنگ کے واقعے میں ہلاک ہو گئیں۔ پولیس کے مطابق 21 سالہ بریانا جانسن لائم گرین رنگ کی لگژری کار لمبرگینی یورس Lamborghini U چلا رہی تھیں، جبکہ گاڑی میں ان کے ساتھ 2 دیگر افراد بھی سوار تھے، اسی دوران نامعلوم افراد نے ان کی گاڑی پر فائرنگ کر دی۔ پولیس کے مطابق فائرنگ کے بعد گاڑی بے قابو ہو کر ایک رہائشی مکان سے جا ٹکرائی،

زویا ناصر کلاسیکل ڈانس کر کے سوشل میڈیا پر تنقید کی زد میں آ گئیں

کراچی (این این آئی) اداکارہ زویا ناصر کی کلاسیکل ڈانس کی ایک ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق زویا ناصر نے حال ہی میں اپنے انسٹاگرام پر ویڈیو شیئر کی۔ ویڈیو میں اداکارہ سفید لباس اور ہاف اپ، ہاف ڈاؤن ہیئر اسٹائل میں بھارتی فلم کے ایک گانے پر کلاسیکل انداز میں رقص کرتی دکھائی دیں۔ ان کی ڈانس پرفارمنس سوشل میڈیا صارفین کو زیادہ متاثر نہ کر سکی اور متعدد افراد نے اس پر تنقید کی۔ ایک صارف نے تبصرہ کیا کہ اس ڈانس میں کوئی خوبصورتی یا روانی نہیں تھی، آپ کو بہتر گانا منتخب کرنا چاہیے تھا۔

امر خان کی انسٹاگرام سٹوری سوشل میڈیا پر توجہ کا مرکز بن گئی

اداکار نے معاشرے میں دولت کی اہمیت سے متعلق ایک ویڈیو شیئر کی ہے

لاہور (این این ائی) پاکستانی اداکارہ، مصنفہ اور فلم ساز امر خان کی ایک انسٹاگرام سٹوری سوشل میڈیا پر توجہ کا مرکز بن گئی، جس میں انہوں نے معاشرے میں دولت کی اہمیت سے متعلق ایک ویڈیو شیئر کی ہے۔ اداکارہ امر خان نے اپنی انسٹاگرام سٹوری پر ایک ویڈیو ری پوسٹ کی ہے، جس میں موسلا دھار بارش کے دوران ایک کم عمر لڑکا سفید رنگ کی گاڑی کے اگلے ٹائر کی صفائی کرتے ہوئے دکھائی دیتا ہے۔ ویڈیو کے پس منظر میں ایک آواز سنائی دیتی ہے، جس میں کہا گیا ہے مرد کو مرد نہیں بناتا، پیسہ ہی مرد بناتا ہے۔ اداکارہ نے ویڈیو کے ساتھ صرف حقیقت لکھا ہے۔

جب بھی شادی کرونگا تو فخر سے اعلان کرونگا، آغا علی

سوشل میڈیا پر بیٹھ کر بکواس کریں گے تو پیسے مل جائیں گے اور یہ سوچ اب چلتی جارہی ہے



کراچی (این این آئی) پاکستانی اداکار آغا علی نے کہا ہےکہ وہ جب بھی شادی کریں گے تو اس کا اعلان فخر سے کریں گے۔ پاکستان شوبز انڈسٹری سے تعلق رکھنے والے اداکار آغا علی نے اپنی شادی سے متعلق لب کشائی کی ہے۔ حال ہی میں آغا علی نے ایک نجی ٹی وی کو انٹرویو دیا جہاں انہوں نے انڈسٹری اور ذاتی زندگی سمیت مختلف موضوعات پر گفتگو کی۔ میزبان نیاداکار سے سوشل میڈیا پر اپنی ذاتی زندگی کو شیئر کرنے کے حوالے سے سوال کیا جس کے جواب میں آغا علی نے کہا کہ میں کسی کے ساتھ اپنے تعلق کو منظر عام پر لانے کے حق میں نہیں ہوں۔

SPORTS سپورٹس

ماضی کے تجربات سے بہت کچھ سیکھا ہے، بابر اعظم

ماضی کے تجربات سے بہت کچھ سیکھا، اس بار بہتر پلاننگ کیساتھ لیڈ کرونگا

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹیسٹ ٹیم کے کپتان بابر اعظم نے کہا ہے کہ بیٹنگ کے دوران میری سوچ ہمیشہ ٹیم کی ضرورت کے مطابق ہوتی ہے اور اگر ٹیم کو تیز کھیلنے کی ضرورت ہو تو تیز کھیلتا ہوں۔ پی سی بی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے بابر اعظم نے کہا ہے کہ پاکستان کی کپتانی کرنا ہمیشہ میرے لیے اعزاز کی بات ہے، ماضی کے تجربات سے بہت کچھ سیکھا ہے، اس بار بہتر پلاننگ اور مثبت سوچ کے ساتھ لیڈ کروں گا۔ قومی کرکٹر نے کہا کہ وقت کے ساتھ کپتانی میں پختگی اور کلیئرٹی آتی ہے، بطور کپتان اپنے فیصلوں کا جائزہ لیا اور ان سے سیکھنے کی کوشش کی، میری کوشش ہے کہ نوجوان کھلاڑیوں کو مشکل وقت میں سپورٹ کروں، انٹرنیشنل کرکٹ دباؤ کا کھیل ہے۔ بابر اعظم نے کہا کہ نوجوانوں سے بات کر کے ان پر دباؤ کم کرنے کی کوشش کرتا ہوں، میری توجہ ڈسپلن، فٹنس اور پرفارمنس پر ہے، ان پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، این سی اے ریڈ بال کیمپ ٹیم کے لیے بہت اہم رہا۔ انہوں نے کہا کہ مشکل کنڈیشنز میں ٹریننگ سے کھلاڑی مضبوط ہوتے ہیں، کیمپ میں میچ کے دباؤ اور مختلف صورتِ حال سے نمٹنے پر کام کیا گیا، ویسٹ انڈیز کا دورہ چیلنجنگ ہوگا لیکن ہم نے اس کی تیاری کی ہے، کئی کھلاڑیوں کو کاؤنٹی کرکٹ کا تجربہ ہے، انگلینڈ میں یہ مددگار ہوگا۔ بابر اعظم نے کہا کہ بیٹنگ کے دوران میری سوچ ہمیشہ ٹیم کی ضرورت کے مطابق ہوتی ہے، اگر ٹیم کو تیز کھیلنے کی ضرورت ہو تو تیز کھیلتا ہوں۔ صورت حال کے مطابق دفاعی بیٹنگ کرتا ہوں، مثبت تنقید کو سنتے ہیں ڈ

خواتین کرکٹ کے فروغ کا نیا دور شروع ہوگا، ندا ڈار

ندا ڈار کا سی ایم پنجاب چیمپئن لیگ میں ذمہ داریاں ملنے پر خوشی کا اظہار

لاہور (این این آئی) پاکستان ویمنز کرکٹ ٹیم کی سابق کپتان ندا ڈار نے سی ایم پنجاب چیمپئن لیگ میں ذمہ داریاں ملنے پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی خصوصی دلچسپی سے خواتین کرکٹ کے فروغ کا نیا دور شروع ہوگا۔ سی ایم پنجاب چیمپئن لیگ کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے ندا ڈار نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی خصوصی دلچسپی سے خواتین کرکٹ کے فروغ کا نیا دور شروع ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت خواتین کرکٹرز کو اپنی صلاحیتیں دکھانے کا بہترین پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ ندا ڈار نے کہا کہ سی ایم پنجاب چیمپئن لیگ سے نئی ٹیلنٹڈ کھلاڑیوں کو آگے آنے کا موقع ملے گا اور اس لیگ کیلئے بہترین ٹیمیں بنائی جارہی ہیں۔ ندا ڈار نے کہا کہ خواتین کیلئے بھی سی ایم پنجاب چیمپئن لیگ کے انعقاد پر وزیراعلیٰ مریم نواز کا شکریہ ادا کرتی ہوں، چیمپئن لیگ گرلز اور بوائز کی ہونے جارہی ہے۔ واضح رہے کہ سابق کپتان ندا ڈار کو چیمپئن لیگ میں خواتین کرکٹ کی ذمہ داری سونپی گئی۔

بابر کو کپتان بننے کا شوق ہے، احمد شہزاد برس پڑے

کپتان کو خصوصی مراعات، الگ رہائش، زیادہ اختیارات اور بہتر الاؤنسز ملتے ہیں

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق اوپنر احمد شہزاد نے بابر اعظم کے دوبارہ ٹیسٹ ٹیم کی قیادت سنبھالنے پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ فیصلہ ملک کے مفاد کے لیے نہیں بلکہ بابر اعظم کی کپتانی میں دلچسپی کی وجہ سے ہوا ہے۔ ایک انٹرویو میں احمد شہزاد نے کہا کہ بابر اعظم کو دوبارہ کپتان بنایا گیا حالانکہ وہ پہلے بھی بطور کپتان کامیاب ثابت نہیں ہوئے تھے۔ انہوں نے کہا کہ بابر اعظم نے گزشتہ 30 سے 32 اننگز میں تقریباً 550 رنز بنائے تھے اور اس دوران ان کی بیٹنگ فارم پر بھی مسلسل سوالات اٹھ رہے تھے، اس کے باوجود انہیں دوبارہ قیادت سونپ دی گئی۔ احمد شہزاد نے کہا کہ کافی عرصے سے یہ بات کی جا رہی تھی کہ کپتانی کے باعث بابر اعظم کی بیٹنگ متاثر ہو رہی ہے لیکن اس کے باوجود انہیں ایک بار پھر کپتان مقرر کر دیا گیا۔ جس سے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ وہ خود بھی دوبارہ کپتانی کے خواہش مند تھے۔ انہوں نے کہا کہ بابر اعظم کو کپتانی پسند ہے کیونکہ اس کے ساتھ شہرت، اختیارات اور دیگر سہولتیں بھی وابستہ ہوتی ہیں۔ احمد شہزاد نے کہا کہ کپتان کو خصوصی مراعات، الگ رہائش، زیادہ اختیارات اور بہتر الاؤنسز ملتے ہیں، جس کی وجہ سے بابر اعظم اس سے وابستہ ہو گئے۔

فیفا ورلڈ کپ، فلسطینی عوام کی تکلیف پوری دنیا کیلئے شرمناک

لاس اینجلس (این این آئی) مصر کے ہیڈ کوچ حسام حسن نے فلسطینی عوام کی حالتِ زار پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ فیفا ورلڈ کپ میں آسٹریلیا کے خلاف کامیابی کے بعد مصر کے ہیڈ کوچ حسام حسن نے فلسطینی عوام کی حالتِ زار پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے عالمی برادری اور فٹبال اداروں سے عملی کردار ادا کرنے کی اپیل کی ہے۔ آسٹریلیا کو پنالٹی شوٹ آؤٹ میں شکست دے کر مصر نے آخری 16 مرحلے میں جگہ بنائی جس کے بعد حسام حسن فلسطین کا پرچم لہراتے ہوئے میدان میں نظر آئے۔ پری میچ پریس کانفرنس میں انہوں نے کہا کہ اگر کوئی فلسطینی عوام کی تکلیف محسوس نہیں کرتا تو یہ انسانیت کے لیے افسوسناک بات ہے، ان کے بقول فلسطینیوں کی موجودہ صورتحال صرف عرب دنیا نہیں۔

افغانستان کے سابق فاسٹ بولر شاپور زدران انتقال کر گئے

کابل (این این آئی) افغانستان کے سابق فاسٹ بولر شاپور زدران 38 سال کی عمر میں انتقال کر گئے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق افغانستان کرکٹ بورڈ نے شاپور زدران کے انتقال کی تصدیق کی ہے، وہ کینسر کے مرض میں مبتلا اور بھارت کے مقامی ہسپتال میں زیر علاج تھے۔ افغانستان کرکٹ بورڈ نے شاپور زدران کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔

WAPDA
Decade of Dams
INVITATION FOR E-BID

1. The Resident Engineer (O&M), WAPDA, Khan Khwar Hydel Power Station, Besham (the purchaser) invites E-bids from eligible Bidders for the following procurement of work described in the bidding documents on **EPADS v2.0**.

EPADS Reference No.	E-Bid No.	Description	Bid Security	Completion Period.
P52748	KKPS-13/26-27	Configuration, Testing, Commissioning and Integration of ABB make Industrial Communication Gateway System/RTU with the Existing DCS for Signal data transmission/ Interfacing of Khan Khwar Power Station with NGC/ISMO under SCADA-III Project on FCS basis.	Rs. 270,000/-	120 Days

Closing Date & Time	Opening Date & Time
1030 Hrs. 24.07.2026	1100 Hrs. 24.07.2026

2. E-Bidding documents, containing detailed terms & conditions, specifications and requirements etc. are available on e-Pak Acquisition and Disposal System (EPADS) at https://vendors.epads.gov.pk/.
3. The Electronic Bid must be submitted by using EPADS V2.0 on or before dates & time mentioned above. Manual bid shall not be accepted. E-bids will be opened using EPADS v2.0 on the same day & time as mentioned, in the conference room of Khan Khwar Power House, in the presence of bidders designated representatives.
4. Each bidder shall furnish Bid Security against each in form of bank draft, CDR, pay order in original from any schedule bank of Pakistan in the favor of A/c title. **(Misc. collection account RE KKHPS A/c No. 0286955031001091)** before bid closing time. Bid securities received later than specified date & time will not be entertained.
5. This advertisement is also available on PPRA & WAPDA Websites

Note: The Notification of the GRC constituted in terms of Rule-48 of PPRA rules, 2004 is provided on EPADS V 2.0 at www.eprocure.gov.pk and on PA's website (if any).

Resident Engineer (O&M) KKPS WAPDA Besham,
Shangla KPK. PH:0996-400103, Email: rekhankhwar.proc@gmail.com

PID(L)71/26 PRD(L)/WAPDA/007(2026-27)

بقیہ 1

کو از سر نو ترتیب دے دیا گیا ہے جس کا مقصد بروقت، شفاف اور خود کار میٹر ریڈنگ کا حصول ہے جو کہ اے ایم آئی منصوبے کا بنیادی مقصد تھا۔ تفصیلات کے مطابق پرانے بلنگ بیچ نمبر 1-2 کو نئے بلنگ بیچ نمبر 17، پرانے بلنگ بیچ نمبر 3-4 کو نئے بلنگ بیچ نمبر 18، پرانے بلنگ بیچ نمبر 5-6 کو نئے بلنگ بیچ نمبر 19، پرانے بلنگ بیچ نمبر 7-8 کو نئے بلنگ بیچ نمبر 20، پرانے بلنگ بیچ نمبر 9-10 کو نئے بلنگ بیچ نمبر 21، پرانے بلنگ بیچ نمبر 11-12 کو نئے بلنگ بیچ نمبر 22، پرانے بلنگ بیچ نمبر 13-14-15 کو نئے بلنگ بیچ نمبر 23 جبکہ پرانے بلنگ بیچ نمبر 24-25 کو نئے بلنگ بیچ نمبر 31 سے تبدیل کر دیا گیا ہے۔ آئیسکو صارفین اپنے بلوں کے نئے ریفرنس نمبر آئیسکو ویب سائٹ www.iesco.com.pk سے حاصل کر سکتے ہیں۔ مزید بجلی بلز پر درج کنزومر آئی ڈی کے ذریعے بھی صارفین تبدیل شدہ نئے ریفرنس نمبرز حاصل کر سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لئے متعلقہ ایس ڈی اوز/ ریونیو دفاتر یا قریبی کسٹمر فسیلیٹیشن سینٹرز پر رابطہ کریں۔

بقیہ 2

آ چکی ہے۔ عوام کو گمراہ کرنا اور پھر اپنے مؤقف سے مکر جانا تحریک انصاف کی پرانی روایت ہے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ خیبر پختونخوا حکومت کے ترجمان یہ تاثر دیتے رہے کہ بلیو پاسپورٹ کی سہولت تمام صوبوں کے اراکین اسمبلی کو حاصل ہے، حالانکہ یہ سراسر غلط بیانی ہے۔ پنجاب میں اراکین اسمبلی کو صرف اپنی مدت رکنیت کے دوران محدود نوعیت کا سرکاری پاسپورٹ دیا جاتا ہے، جو صرف متعلقہ رکن کے لیے ہوتا ہے، اس کی فیملی اس سہولت کی حقدار نہیں ہوتی۔ انہوں نے کہا کہ ٹول ٹیکس سے استثنا، سرکاری ریسٹ ہاؤسز میں اہل خانہ سمیت عیاشی، بلیو پاسپورٹس اور دیگر غیر ضروری مراعات عوام کے ٹیکس کے پیسے پر عیاشی کے مترادف ہیں۔ ماضی میں بلیو پاسپورٹ کے غلط استعمال کی مثالیں بھی سب کے سامنے موجود ہیں۔ وزیر اطلاعات نے صحافیوں سے متعلق شق پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اگر اسمبلی میں صرف پسندیدہ صحافیوں کو داخلے کی اجازت دی جائے اور ناپسندیدہ صحافیوں پر پابندی لگائی جائے تو یہ آزادی صحافت پر سنگین حملہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اگر پنجاب میں کبھی ایسا سوچا بھی جاتا تو تحریک انصاف اور ان کے جوتیو مرزا آسمان سر پر اٹھا لیتے، لیکن خیبر پختونخوا میں اس اقدام پر خاموشی اختیار کی جا رہی ہے۔ عظمیٰ بخاری نے بل میں اراکین اسمبلی کے لیے اسلحہ لائسنسوں کی تعداد بڑھانے کی تجویز پر بھی سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ پنجاب میں اراکین اسمبلی کو صرف دو اسلحہ لائسنس کی اجازت ہے، جبکہ خیبر پختونخوا میں آٹھ کلاشنکوفوں کے لائسنس مانگے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو ڈی ویپنائز کرنے کی ضرورت ہے، نہ کہ مزید اسلحہ عام کرنے کی۔ اسلام آباد میں حالیہ افسوسناک واقعہ اس بات کا ثبوت ہے کہ اسلحے کی آسان دستیابی معاشرے کے لیے کتنا بڑا خطرہ بن چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سوال یہ ہے کہ آخر آٹھ کلاشنکوفوں کے لائسنس کس مقصد کے لیے درکار ہیں؟ کیا یہ ڈی چوک پر دھاوا بولنے یا کور کمانڈر ہاؤس جیسے حساس مقامات پر حملوں کے لیے ہیں؟ ایسے وقت میں جب خیبر پختونخوا پہلے ہی بدامنی اور دہشت گردی کا شکار ہے، حکومت کی ترجیح امن قائم کرنا ہونی چاہیے، نہ کہ اسلحہ کلچر کو فروغ دینا۔ وزیر اطلاعات پنجاب نے کہا کہ اس بل کی سب سے خطرناک شق وہ ہے جس کے تحت اراکین اسمبلی کو گرفتاری، ایف آئی آر اور قانونی کارروائی سے استثنا دینے کی کوشش کی گئی ہے۔ اگر کوئی قانون ساز قانون شکنی کرے، جیل توڑے، سرکاری املاک کو نقصان پہنچائے یا کسی حساس تنصیب پر حملہ کرے تو کیا اسے بھی قانون سے بالاتر سمجھا جائے گا؟ ایسی مراعات تو شاید مغل اعظم نے بھی اپنے لیے نہیں مانگی تھیں۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ پاکستان کا آئین اس نوعیت کا استثنا صرف صدر مملکت کے لیے مخصوص کرتا ہے، وہ بھی آئینی حدود کے اندر۔ کسی صوبے کے اراکین اسمبلی کو قانون سے بالاتر قرار دینا آئین اور جمہوری اصولوں کی کھلی خلاف ورزی ہے، اس لیے اس قانون کو عدالت میں چیلنج کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ تحریک انصاف ایک طرف اشرافیہ کے خلاف نعرے لگاتی ہے، جبکہ دوسری طرف خود اشرافیہ سے بھی بڑھ کر مراعات اپنے لیے حاصل کرنا چاہتی ہے۔ پندرہ برس سے خیبر پختونخوا میں حکومت کرنے کے باوجود نہ دہشت گردی پر قابو پایا گیا، نہ روزگار، تعلیم اور صحت کے شعبوں میں نمایاں بہتری آئی، لیکن اس کے باوجود اپنے لیے بادشاہوں جیسی مراعات کا مطالبہ کھلی منافقت ہے۔

بقیہ 3

پھر ثابت کردی۔ لائن لاسز میں نمایاں کمی، ریکوری میں ریکارڈ بہتری، ریونیو میں غیر معمولی اضافہ، بجلی چوری کے خلاف مؤثر کارروائیوں، سسٹم اپ گریڈیشن اور صارفین کو معیاری خدمات کی فراہمی کے باعث آئیسکو نے ایک کامیاب اور مثالی ادارے کے طور پر اپنی شناخت مزید مضبوط کی۔ چیف ایگزیکٹو آئیسکو، انجینئر چوہدری خالد محمود نے مالی سال 2025-26 کی کارکردگی کا جائزہ پیش کرتے ہوئے بتایا کہ آئیسکو کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کمپنی کے لیے 8.40 فیصد لائن لاسز کا ہدف مقرر کیا تھا، تاہم کمپنی کی آپریشن، کنسٹرکشن، جی ایس او، جی ایس سی اور کمرشل فارمیشنز نے بہترین منصوبہ بندی، مؤثر نگرانی اور انتھک محنت کے ذریعے لائن لاسز کو کم کر کے 7.60 فیصد تک محدود کردیا، جو ایک غیر معمولی کامیابی اور ادارے کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا واضح ثبوت ہے اس سلسلے میں چیف انجینئر آپریشن محمد کاشف شاہ اور چیف انجینئر او اینڈ ایم زاہد سلیم عثمانی اور ان کی تمام ٹیم مبارک باد کے مستحق ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بجلی کے واجبات کی بروقت وصولی آئیسکو کی اولین ترجیح رہی، جس کے نتیجے میں مالی سال کے اختتام پر کمپنی نے 101 فیصد ریکوری حاصل کی۔ انہوں نے اس تاریخی کامیابی پر چیف انجینئر کمرشل محمد غلام سرور، سرکل ہیڈ، سپرنٹنڈنگ انجینئرز، ایگزیکٹو انجینئرز، ایس ڈی اوز، ریکوری ٹیموں اور فیلڈ اسٹاف کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی محنت اور لگن ہی اس کامیابی کی بنیاد ہے۔ چیف ایگزیکٹو نے مزید بتایا کہ درست اور بروقت بلنگ، بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف بلاامتیاز کریک ڈاؤن، نئے گرڈ اسٹیشنز کی تعمیر، اوورلوڈ فیڈرز اور ٹرانسفارمرز کی اپ گریڈیشن، مؤثر مینٹیننس اور جدید نظام تقسیم کے باعث آئیسکو نے گزشتہ مالی سال کے مقابلے میں 6 ارب 50 کروڑ روپے کا اضافی ریونیو حاصل کیا، جو قومی خزانے میں جمع کروایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ کامیابی نہ صرف آئیسکو بلکہ قومی معیشت کے لیے بھی ایک اہم سنگ میل ہے۔ انجینئر چوہدری خالد محمود نے اس شاندار کارکردگی کا سہرا چیئرمین آئیسکو بورڈ آف ڈائریکٹرز ڈاکٹر طاہر مسعود، معزز بورڈ ممبران کی مؤثر رہنمائی، ادارے کی انتظامیہ، افسران اور بالخصوص فیلڈ میں خدمات انجام دینے والے ورک فورس کے سر باندھا۔ انہوں نے کہا کہ آئیسکو کا لائن اور ریکوری اسٹاف ادارے کا اصل اثاثہ اور ماتھے کا جھومر ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ آئیسکو آئندہ بھی شفافیت، میرٹ، جدید ٹیکنالوجی، بہتر گورننس اور مؤثر سروس ڈیلیوری کو اپنی ترجیحات میں شامل رکھتے ہوئے بجلی کے ترسیلی نظام کو مزید مستحکم، صارفین کو مزید بہتر سہولیات کی فراہمی اور وطن عزیز پاکستان کی تعمیر و ترقی میں اپنا بھرپور کردار ادا کرتی رہے گی۔

بقیہ 4

اختتام 1.05 ارب روپے کے منافع کے ساتھ کیا، جو کہ صرف دو برس کے دوران 37 ارب روپے سے زائد کے مالیاتی ٹرن اراؤنڈ کی عکاسی کرتا ہے۔ یہ کامیابی کسی وقتی اقدام کا نتیجہ نہیں بلکہ ایک مسلسل، منظم اور پائیدار اصلاحاتی عمل کا ثمر ہے۔ اسی عرصے میں لائن لاسز 15.2 فیصد سے کم ہو کر 11.9 فیصد رہ گئے، جبکہ ریکوری کی شرح 98.6 فیصد سے بڑھ کر 100.8 فیصد تک پہنچ گئی۔ یہ اعداد و شمار مؤثر بلنگ، بجلی چوری کی روک تھام اور صارفین کے اعتماد میں اضافے کی واضح عکاسی کرتے ہیں۔ میپکو کی یہ کامیابی جامع اور مربوط اصلاحاتی اقدامات کا نتیجہ ہے، جن میں روزمرہ کی مداخلت سے آزاد اور خودمختار بورڈ آف ڈائریکٹرز کا قیام، وزارت کی جانب سے مسلسل پالیسی رہنمائی اور مؤثر کارکردگی کی نگرانی، تقسیمی نظام کی آٹومیشن اور میٹرائزیشن، اور صارفین کو بہتر خدمات کی فراہمی پر خصوصی توجہ شامل ہے۔ یہ اصلاحاتی ماڈل وقتی اور غیر مربوط مداخلت کی بجائے ادارہ جاتی اصلاحات، مؤثر طرز حکمرانی اور احتساب پر مبنی انتظامی نظام کے فروغ کی عکاسی کرتا ہے۔ وزارت توانائی کا مؤقف ہے کہ میپکو کی یہ کامیابی محض ایک منفرد مثال نہیں بلکہ ایک قابل تقلید ماڈل ہے۔ آزادانہ فیصلہ سازی، شفافیت اور ٹیکنالوجی پر مبنی نگرانی پر مشتمل یہی اصلاحاتی ماڈل دیگر بجلی تقسیم کار کمپنیوں میں بھی نافذ ہے، جو کہ گردشی قرضے کے مسئلے پر قابو پانے اور پاور سیکٹر کو پائیدار مالی استحکام اور دیرپا ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کا موجب بنے گا۔

بقیہ 5

کی مانیٹرنگ، لاروا تلفی، ان ڈور و آؤٹ ڈور سرویلنس، صفائی کی صورتحال، آگاہی مہم اور مختلف محکموں کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ متعلقہ افسران نے اپنی اپنی محکمانہ کارروائیوں اور آئندہ کے لائحہ عمل پر بریفنگ بھی دی۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے ہدایت کی کہ تمام محکمے انسداد ڈینگی ایس او پیز پر مکمل عملدرآمد یقینی بنائیں اور روزانہ کی بنیاد پر فیلڈ سرگرمیوں میں مزید تیزی لائیں۔ انہوں نے کہا کہ ممکنہ افزائش گاہوں کا بروقت خاتمہ، حساس مقامات کی مسلسل نگرانی اور مؤثر بین المحکمہ جاتی رابطہ ڈینگی کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے ناگزیر ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ عوامی آگاہی مہم کو مزید مؤثر بنایا جائے تاکہ شہری اپنے گھروں، دفاتر اور اردگرد کے ماحول کو صاف ستھرا رکھیں اور کہیں بھی پانی کھڑا نہ ہونے دیں۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ تمام سرگرمیوں کی باقاعدہ مانیٹرنگ کی جائے اور غفلت یا کوتاہی کی صورت میں ذمہ داروں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق ڈینگی کے خلاف جاری مہم کو کامیاب بنانے کے لیے تمام ادارے اپنی ذمہ داریاں پوری دیانت داری اور جذبے کے ساتھ انجام دیں تاکہ شہریوں کو محفوظ ماحول فراہم کیا جا سکے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ضلعی انتظامیہ ڈینگی کی روک تھام کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔

بقیہ 6

امتحانی عملے کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ تمام عملے نے اپنی ذمہ داریاں قومی فریضہ سمجھ کر انتہائی دیانتداری اور پیشہ ورانہ انداز میں ادا کیں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ میٹرک اور انٹرمیڈیٹ کی مارکنگ میں بھی میرٹ، شفافیت اور غیر جانبداری کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا تاکہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق ہر امیدوار کو اس کی محنت کا حقیقی صلہ مل سکے۔ کنٹرولر امتحانات تنویر اصغر اعوان نے انٹرمیڈیٹ پہلا سالانہ امتحان 2026 کے سلسلہ میں گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی طارر روڈ ٹیکسلا، گورنمنٹ گرلز ہائی سکول ٹیکسلا، گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج فار وویمن حسن ابدال، گورنمنٹ گرلز ہائی سکول کوہ نور ملز راولپنڈی، گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج فار وویمن کوہ نور ملز راولپنڈی کے امتحانی مراکز کا دورہ کیا اور کامیاب انعقاد میں بھرپور تعاون پر سابق کنٹرولر و چیئرمین تعلیمی بورڈ راولپنڈی ڈویژن انجینئر عامر خٹک، ڈائریکٹر کالجز راولپنڈی ڈویژن، اضلاع راولپنڈی، اٹک، جہلم، چکوال، تلہ گنگ اور مری کے ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز، چیف ایگزیکٹو آفیسرز، ضلعی انتظامیہ، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور ادارہ سربراہان کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ تمام متعلقہ اداروں کے باہمی تعاون، مربوط حکمت عملی اور ٹیم ورک کی بدولت امتحانات کو کامیابی سے پایہ تکمیل تک پہنچایا گیا، جو شفاف اور معیاری امتحانی نظام کے فروغ میں ایک اہم سنگِ میل ہے۔

بقیہ 7

مرمت کے احکامات بھی جاری کردیے اور اعلیٰ افسران کو موقع پر وزٹ کر کے متبادل راستہ اختیار کرنے کی ہدایت جاری کیں۔ تفصیلات کے مطابق معروف سیاسی وسماجی شخصیت سردار عامر علی خان نے ایم ڈی اوجی ڈی سی ایل احمد حیات لک سے ملاقات کی اور فتح جنگ کے گاؤں شہرائے بہادر میں قائم سروے کیمپ ایس پی 1 سے متعلقہ مسائل سے ایم ڈی کو آگاہ کیا جس پر ایم ڈی اوجی ڈی سی ایل احمد حیات لک نے تمام مسائل کے فوری حل کے لیے احکامات جاری کردیے لیبر کو سرکاری لیبر لاء کے مطابق تنخواہوں کی ادائیگی اور تمام ملازمین کو کھانا بھی فراہم کرنے کی یقین دہانی اور مقامی آبادی کو بغیر کسی سفارش کے نوکریاں بھی فراہم کی جائیں گی اس کے ساتھ ساتھ ایم ڈی اوجی ڈی سی ایل نے لنک روڈ کی مرمت کے احکامات بھی جاری کردیے اور اعلیٰ افسران کو موقع پر وزٹ کر کے متبادل راستہ اختیار کرنے کی ہدایت جاری کیں

بقیہ 8

نے اپنے اپنے محکموں کی کارکردگی اور جاری ترقیاتی سکیموں پر تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر نے منصوبوں پر ہونے والی پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ہدایت کی کہ تمام ترقیاتی منصوبے مقررہ مدت کے اندر اعلیٰ معیار کے ساتھ مکمل کیے جائیں تاکہ عوام کو ان کے ثمرات بروقت میسر آ سکیں۔ آغا ظہیر عباس شیرازی نے کہا کہ عوامی خدمت حکومت کی اولین ترجیح ہے اور ترقیاتی منصوبوں میں تاخیر یا غفلت کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے تمام محکموں کو باہمی رابطے اور مؤثر ہم آہنگی کے ساتھ فرائض انجام دینے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ منصوبوں کی مسلسل نگرانی کو یقینی بنایا جائے اور ہر مرحلے پر شفافیت اور معیار کو مقدم رکھا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے افسران پر زور دیا کہ وہ عوامی مسائل کے بروقت حل اور بہتر طرز حکمرانی کے لیے اپنی ذمہ داریاں پوری دیانت داری اور پیشہ ورانہ انداز میں ادا کریں، تاکہ شہریوں کو معیاری اور مؤثر سرکاری خدمات کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔

بقیہ 9

ماحول فراہم کیا جا سکے۔ کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے کمپلیکس میں صفائی ستھرائی کے اعلیٰ معیار کو ہر صورت بنانے کی ہدایت کی، عمارت کے اندر اور اطراف میں صفائی کے انتظامات مزید مؤثر بنانے، شجرکاری، گرین بیلٹس کی دیکھ بھال اور تزئین و آرائش پر خصوصی توجہ دینے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری دفاتر کی خوبصورتی، نظم وضبط اور صاف ستھرا ماحول نہ صرف ادارے کی بہتر شناخت بنتا ہے بلکہ عوام کے اعتماد میں بھی اضافہ کرتا ہے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ کمپلیکس میں شہریوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کو مزید بہتر بنایا جائے، تمام بنیادی سہولیات ہر وقت فعال بنائی جائیں اور کسی بھی قسم کی خامی یا کمی کو فوری طور پر دور کیا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ تعمیراتی کام میں معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ قابل قبول نہیں ہوگا اور تمام امور مقررہ معیار اور ٹائم لائن کے مطابق مکمل کیے جائیں۔ ڈپٹی کمشنر نے اس موقع پر کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوام کو بہترین، شفاف اور مؤثر خدمات کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ نیو ڈی سی کمپلیکس جدید طرز کا انتظامی مرکز ثابت ہوگا جہاں شہریوں کو بہتر ماحول میں معیاری سرکاری خدمات فراہم کی جائیں گی۔

بقیہ 10

گئیں۔ اسسٹنٹ کمشنر نے واضح ہدایات جاری کیں کہ سرکاری پالیسی اور مقررہ ضوابط کے مطابق گندم اور آٹے کی فراہمی یقینی بنائی جائے، جبکہ غیر قانونی ذخیرہ اندوزی، بغیر لائسنس گندم کی خرید و فروخت اور مصنوعی قلت پیدا کرنے کی کسی بھی کوشش کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔ اسسٹنٹ کمشنر زرار احمد خٹک نے کہا کہ ذخیرہ اندوزی، ناجائز منافع خوری اور غیر قانونی کاروباری سرگرمیوں میں ملوث عناصر کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو معیاری آٹا مناسب نرخوں پر فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے اور اس مقصد کے حصول کے لیے محکمہ خوراک اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے تعاون سے کارروائیاں مسلسل جاری رہیں گی۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر نے کہا کہ فلور ملز اور گندم کے ذخائر کی باقاعدہ نگرانی جاری رکھی جائے گی تاکہ گندم اور آٹے کی بلاتعطل فراہمی، شفافیت اور حکومتی پالیسی پر مؤثر عملدرآمد کو یقینی بنایا جا سکے۔

بقیہ 11

کیک کاٹا گیا۔ مہمانوں کو سندھ کی ثقافتی روایت کے مطابق اجرک کے تحائف پیش کیے گئے۔ تعلیمی سال کے دوران نمایاں کارکردگی دکھانے والے طلبہ کو "اسٹوڈنٹس آف دی ایئر" "ایوارڈز" اور اساتذہ میں "بیسٹ پرفارمنس" "ایوارڈز اور سرٹیفکیٹ" تقسیم کیے گئے۔ اسکول انتظامیہ کے مطابق ایسی تقریبات کا مقصد طلبہ کی پوشیدہ صلاحیتوں کو اجاگر کرنا اور ان کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔ ایلسا اکیڈمی کے پرنسپل سائیں انعام اللہ داود پوتہ نے مہمانوں کو خوش آمدید کہا، طلبہ کی کارکردگی کو سراہا اور اس تعلیمی سال اسکالرشپ دینے کا باقاعدہ اعلان کیا گیا۔

بقیہ 12

لاش چار روز گزرنے کے باوجود تاحال نہیں مل سکی، جس کے باعث اہل خانہ شدید کرب اور اذیت میں مبتلا ہیں۔ متوفی بچے کے والد نے ڈپٹی کمشنر کشمور اور محکمہ آبپاشی کے اعلیٰ حکام سے پرزور اپیل کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ شاہی واہ کا پانی عارضی طور پر بند کیا جائے تاکہ لاپتہ بچے کی لاش کی تلاش آسان ہو سکے اور اہل خانہ کو اپنے پیارے کی تدفین کا موقع مل سکے۔ دوسری جانب سندھ ترقی پسند پارٹی کے ڈویژن شکارپور کے صدر دلمراد خان دہانی، پی ٹی آئی کے رہنما عبدالعزیز سومرو، فتح محمد سبزوئی اور صحافی فرمان علی جکھرانی نے متاثرہ خاندان سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ اس افسوسناک سانحے کے باوجود علاقے کے منتخب عوامی نمائندے، یونین کونسل کے چیئرمین، ڈپٹی کمشنر کشمور ایٹ کندھ کوٹ اور محکمہ آبپاشی کے ذمہ دار افسران اب تک متاثرہ خاندان کے گھر تعزیت کے لیے بھی نہیں پہنچے، جو انتہائی افسوسناک اور عوامی نمائندوں کی بے حسی کا مظہر ہے۔ رہنماؤں نے کہا کہ وہ غمزدہ خاندان کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں اور حکومت سندھ، ضلعی انتظامیہ اور محکمہ آبپاشی سے مطالبہ کرتے ہیں کہ فوری طور پر شاہی واہ کا پانی بند کر کے لاپتہ بچے کی تلاش کو یقینی بنایا جائے تاکہ اہل خانہ کی کئی روز سے جاری اذیت کا خاتمہ ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ انسانی جانوں سے بڑھ کر کوئی چیز نہیں، اس لیے انتظامیہ کو فوری اور مؤثر اقدامات کرنے چاہییں۔

بقیہ 13

پوری عالمی برادری کی قانونی اور اخلاقی ذمہ داری ہے وہ کشمیریوں سے کیا گیا وعدہ پورا کرے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ بھارتی مقبوضہ جموں و کشمیر کی آزادی کا سورج جلد طلوع ہو۔

بقیہ 14

احمد شیر گوندل نے کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل سن کر ان کے فوری حل کے لیے متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کیں اور کہا کہ حکومت کی ہدایات پر عوام کے مسائل کے ترجیحی بنیادوں پر حل کے لئے بھرپور اقدامات کئے جا رہے ہیں جس میں کسی غفلت یا کوتاہی کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ 15

میٹرز، میٹر ریورسنگ ڈیوائسز اور ایک لیپ ٹاپ برآمد کیا گیا ہے۔ ابتدائی تحقیقات میں انکشاف ہوا کہ ملزم خصوصی سافٹ ویئر اور الیکٹرانک ڈیوائسز کے ذریعے بجلی میٹرز کے ریکارڈ میں غیر قانونی تبدیلیاں کر رہا تھا۔ ایف آئی اے کے مطابق ملزم بجلی کی اصل کھپت کو کم ظاہر کر کے لیسکو کو مالی نقصان پہنچانے میں ملوث پایا گیا ہے، جبکہ برآمد کیا گیا لیپ ٹاپ لیسکو میٹرز کے ڈیٹا میں رد و بدل کے لیے استعمال کیا جا رہا تھا۔ ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا ہے، جبکہ معاملے میں ملوث دیگر افراد کی گرفتاری کے لیے مزید تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ 16

سیل کردی گئیں، شاہ اللہ دتہ میں زائد قیمت وصول کرنے والی 4 دکانیں سیل کی گئیں، روات میں مجموعی طور پر 10 ایل پی جی شاپس کو سیل کردیا گیا، جنگلی سیداں میں بھی کارروائی کرتے ہوئے 3 دکانیں سیل کردی گئیں۔ جاری اعلامیہ کے مطابق ہمک کی حدود میں اوور چارجنگ پر ایل پی جی پلانٹ سیل، منیجر گرفتار کرلیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر اسلام آباد نے مہنگی ایل پی جی بیچنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رکھنے کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ 17

سے برخاست کردیا، فرائض میں عدم دلچسپی اور غیر حاضری پر ٹریفک انسپکٹر سمیت 06 وارڈنز کی ایک سال کیلئے ترقی روک دی گئی، 04 ٹریفک انسپکٹر اور ایک وارڈن کی ایک سال کیلئے انکریمنٹ روک دیا گیا، 01 ٹریفک انسپکٹر کی سینئر وارڈن سے وارڈن کے عہدے سے دو سال کیلئے تنزلی کردی گئی۔ جبکہ دوران ڈیوٹی شہریوں کے لئے آسانیاں اور فوری ریسپانس کرنے پر متعدد اہلکاروں کو تعریفی اسناد بھی جاری کی گئیں۔ سی ٹی او لاہور سید عبدالرحیم شیرازی نے محکمہ میں احتسابی عمل مزید مؤثر اور شفاف بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ عدم دلچسپی، فرائض میں غفلت اور بدعنوانی کسی صورت برداشت نہیں۔

بقیہ 18

نے کلمہ شریف اور استغفار کا ورد شروع کردیا، بزرگوں کا کہنا تھا کہ تاریخ میں اس سے قبل اس قسم کی صورتحال نہیں دیکھی ہے یہ سب کچھ ہماری بدعملیوں کا نتیجہ ہے۔

بقیہ 19

اسلام آباد، سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت اہم اجلاس منعقد ہوئے، جن میں ڈی آئی جی سیف سٹی محمد ہارون جوئیہ، ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق، ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز محمد عتیق طاہر، ڈی آئی جی سکیورٹی رانا عمر فاروق، چیف ٹریفک آفیسر کاشانت اظہر خان اور این پی ایف کے ڈائریکٹر ان چیف بریگیڈیئر (ر) احمد نواز نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران آئی جی اسلام آباد نے اسلام آباد پولیس میں جاری بھرتی کے عمل، اس کی شفافیت، میرٹ، انتظامی امور اور امیدواروں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے تمام سینئر افسران کو ہدایت کی کہ بھرتی کے تمام مراحل مکمل شفافیت، میرٹ اور پیشہ ورانہ انداز میں مقررہ وقت کے اندر مکمل کیے جائیں تاکہ ہر امیدوار کو مساوی مواقع میسر آسکیں۔ مزید برآں، آئی جی اسلام آباد نے پولیس کے انتظامی، آپریشنل اور سکیورٹی امور کا بھی تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے عوامی خدمت کے معیار کو مزید بہتر بنانے، مختلف شعبوں کے درمیان مؤثر رابطہ و ہم آہنگی کو فروغ دینے اور پیشہ ورانہ کارکردگی میں مزید بہتری لانے کے لیے متعلقہ افسران کو ضروری ہدایات جاری کیں۔ بعد ازاں سید علی ناصر رضوی نے سنٹرل پولیس آفس اسلام آباد میں "اوپن ڈور پالیسی کے تحت" کھلی کچہری کا انعقاد کیا، آئی جی اسلام آباد نے شہریوں اور پولیس افسران کے مسائل سنے اور ان کے حل کے لئے متعلقہ افسران کو موقع پر ہی ہدایات جاری کیں، انہوں نے افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کے مسائل کا میرٹ پر اور فوری حل ہماری اولین ترجیح ہے، کسی بھی شہری کو پولیس کے متعلق کوئی بھی مسئلہ درپیش ہو تو وہ کھلی کچہری میں آسکتا ہے، میرے دروازے ہمیشہ اپنے شہریوں کے لئے کھلے ہیں، آئی جی اسلام آباد نے شہریوں کی شکایات پر متعلقہ افسران کو احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ مقرر کردہ ٹائم فریم میں درخواستوں کو میرٹ پر حل کر کے رپورٹ سنٹرل پولیس آفس بھجوائیں، انہوں نے تمام ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو ہدایات دیں کہ وہ اپنے دفاتر میں مقررہ کئے گئے ٹائم کی پابندی کریں، مقرر کردہ ٹائم پر شہریوں سے ملاقات کریں اور ان کے مسائل کو بروقت اور میرٹ پر حل کریں، آئی جی اسلام آباد نے مزید کہا کہ اسلام آباد پولیس شہریوں کی سہولیات کے لئے مختلف اقدامات اٹھا رہی ہے، کھلی کچہری کے روزانہ کی بنیاد پر انعقاد سے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے میں مدد مل رہی ہے۔

بقیہ 20

مارگلہ، تھانہ گولڑہ، تھانہ انڈسٹریل ایریا، تھانہ سبزی منڈی، تھانہ کھنہ، تھانہ سہالہ، تھانہ ہمک، تھانہ لوہی بھیر، تھانہ بھارہ کہو اور تھانہ بنی گالہ پولیس ٹیموں نے منشیات فروشی اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے میں ملوث 18 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 640 گرام آئس، ایک گن اور مختلف بور کے 14 پستول معہ ایمونیشن برآمد کئے گئے۔ گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید تفتیش جاری ہے جبکہ مجرمان اشتہاری اور عدالتی مفروران کی گرفتاری کیلئے چلائی جانے والی خصوصی مہم کے دوران چھ مجرمان کی گرفتاری بھی عمل میں لائی گئی۔ ایس ایس پی سیکورٹی آپریشنز اسلام آباد سلیمان ظفر نے کہا کہ اسلام آباد پولیس وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے ہمہ وقت مصروف عمل ہے۔ کسی بھی عناصر کو شہریوں کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ شہریوں کی جان ومال کی حفاظت اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کے متعلق متعلقہ تھانہ یا ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار-15" پر فوری اطلاع دیں تاکہ پولیس اور عوام کے باہمی تعاون سے شہر کو جرائم سے پاک کیا جا سکے۔

بقیہ 21

مطابق پرندہ ٹکرانے سے طیارے کے انجن کے بلیڈ بھی ٹوٹ گئے۔ واقعہ کے بعد تمام مسافروں کو ایئرپورٹ لاؤنج منتقل کردیا گیا ہے۔ ایئر لائن کے ترجمان کے مطابق طیارے کی مرمت کا کام جاری ہے۔

بقیہ 22

ہیں۔ حالیہ ترامیم کے ذریعے صرف ان موجودہ قانونی شقوں کو موجودہ آئینی، قانونی اور انتظامی تقاضوں کے مطابق مزید واضح، منظم اور مؤثر بنایا گیا ہے، نہ کہ کوئی نئی یا غیر معمولی مراعات متعارف کرائی گئی ہیں۔ بلیو پاسپورٹ کے حوالے سے یہ تاثر بھی درست نہیں کہ اراکین صوبائی اسمبلی کے لیے کوئی نئی سہولت فراہم کی گئی ہے، تمام اراکین صوبائی اسمبلی کو بلیو پاسپورٹ کی سہولت پہلے سے حاصل ہے۔ حالیہ سفارش اسپیکرز کانفرنس کے ایجنڈے اور ملک کی تمام صوبائی اسمبلیوں کی متفقہ سفارشات کی روشنی میں وفاقی حکومت کو ارسال کی گئی ہے تاکہ پاسپورٹ سے متعلق قوانین کو قومی اسمبلی اور سینیٹ کے اراکین کے مساوی بنایا جا سکے۔ وضاحت کی گئی ہے کہ اس نوعیت کی سفارشات گزشتہ چار ادوار اسمبلی میں بھی وفاقی حکومت کو بھجوائی جاتی رہی ہیں۔ واضح رہے کہ بلیو پاسپورٹ جاری کرنے کا اختیار مکمل طور پر وفاقی حکومت کے پاس ہے، جبکہ صوبائی اسمبلی یا صوبائی حکومت اس ضمن میں کوئی اختیار نہیں رکھتی۔

بقیہ 23

کرنے کے دھندے میں ملوث تھی۔ ملزمہ کے قبضے سے مختلف موبائل نیٹ ورکس کی 310 فعال سمز اور موبائل فون برآمد کر لیا گیا، ملزمہ کے خلاف پیکا ایکٹ کے تحت مقدمہ درج، جعلی واٹس ایپ گروپس کے منظم نیٹ ورک کی تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ 24

پاور پلانٹ وین میں آگ لگنے جیسے حادثات کا شکار ہوئیں، ان حادثات کی ابتدائی تحقیقات کے بعد فیڈرل انویسٹی گیشن آفیسر کی نگرانی میں اعلیٰ سطح کی تحقیقاتی ٹیمیں تشکیل دی گئیں، جنہوں نے جائے وقوعہ پر پہنچ کر مسافروں اور ریلوے ملازمین کے بیانات قلم بند کیے، شواہد اکٹھے کیے اور تفصیلی رپورٹس تیار کر کے چیف ایگزیکٹو آفیسر پاکستان ریلویز، چیئرمین ریلوے اور وفاقی وزیر ریلوے کو ارسال کیں تاہم ایک سال سے زائد عرصہ گزرنے کے باوجود ان انکوائریوں میں غفلت کے مرتکب افسران اور اہلکاروں کے خلاف کوئی مؤثر کارروائی عمل میں نہیں لائی گئی۔ ریلوے ذرائع کے مطابق رواں سال کے علاوہ گزشتہ پانچ برسوں کے دوران پیش آنے والے متعدد حادثات کی انکوائریاں بھی مکمل ہو چکی ہیں، مگر ان میں سے بیشتر پر اعتراضات لگا کر دوبارہ تحقیقات کا حکم دے دیا گیا۔ دوبارہ انکوائریاں مکمل ہونے کے باوجود بھی ذمہ داروں کے خلاف کارروائی نہ ہو سکی۔ دستاویزات کے مطابق مئی 2025 سے 10 جون 2026 تک کراچی ڈویژن میں پیش آنے والے حادثات کی 12، سکھر ڈویژن کی 11، لاہور ڈویژن کی 2، راولپنڈی ڈویژن کی 4 جبکہ پشاور اور کوئٹہ ڈویژن کی ایک، ایک انکوائری تاحال التوا کا شکار ہے۔ تحقیقاتی ٹیموں نے اپنی رپورٹس میں حادثات کی متعدد وجوہات کی نشاندہی کی ہے، جن میں عوام کی جانب سے پھاٹک موجود ہونے کے باوجود ریلوے کراسنگ عبور کرنا، رولنگ اسٹاک (بوگیوں اور دیگر ریلوے آلات) کا ناقص اور خستہ حال ہونا، ریلوے انفراسٹرکچر کی بوسیدہ حالت، بجٹ میں ناکافی فنڈز، ریلوے ٹریک اور دیگر تنصیبات کے اطراف رہائشی و تجارتی سرگرمیوں میں اضافہ، ملازمین کی نااہلی، بدانتظامی، روایتی غفلت اور دہشت گردی کے واقعات شامل ہیں۔ اس حوالے سے جب ترجمان وزارت ریلوے سے رابطہ کیا گیا تو ان کا کہنا تھا کہ انکوائریاں ابھی جاری ہیں، جیسے ہی مکمل ہوں گی، میڈیا کو آگاہ کردیا جائے گا۔

بقیہ 25

اسلام آباد میں قائم اور فعال کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کے ویژن کے مطابق ادارے کو نئے اہداف اور ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں تاکہ چھوٹے، درمیانے اور گھریلو کاروباروں کو مزید مؤثر سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ تقریب میں سیکرٹری وزارت صنعت و پیداوار سیف انجم، اسمیڈا کی چیف ایگزیکٹو آفیسر نادیہ جے سیٹھ اور ادارے کے بورڈ اراکین نے بھی شرکت کی۔ ہارون اختر خان نے کہا کہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہیں، جن کے فروغ کے لیے حکومت ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔ وزیراعظم کے معاونِ خصوصی برائے صنعت و پیداوار نے کہا کہ کاروبار دوست ماحول، جدید ٹیکنالوجی، تربیت اور مالی سہولتوں تک رسائی کے ذریعے سرمایہ کاری، مقامی پیداوار اور برآمدات میں اضافہ کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں اور خواتین کاروباری افراد کی حوصلہ افزائی حکومت کی معاشی حکمتِ عملی کا اہم حصہ ہے، جبکہ ایس ایم ایز کی ترقی سے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے، صنعتی ترقی کو فروغ ملے گا اور ملک پائیدار معاشی استحکام کی جانب گامزن ہوگا۔ ہارون اختر خان نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت ملک بھر کے کاروباری افراد کو ایک ہی چھت تلے بہتر خدمات فراہم کرنے کے لیے اسمیڈا کو مزید مضبوط بنا رہی ہے، کیونکہ مضبوط ایس ایم ایز ہی مضبوط پاکستان کی ضمانت ہیں۔

بقیہ 26

کی روشنی میں اسلام آباد پولیس شہریوں کے مسائل کے حل کے لئے پرعزم ہے، اس سلسلے میں ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق نے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل سنے، انہوں نے افسران کو شہریوں کے مسائل کے فوری حل کے احکامات جاری کئے، اس موقع پر انہوں نے کہا کہ شہری اپنے مسائل کے حل کے لئے "آئی جی پی شکایت سیل-1715" پر بھی اپنی شکایات و مسائل درج کروا سکتے ہیں، اسلام آباد پولیس مختلف اقدامات کے ذریعے عام شہریوں تک پہنچ کر ان کے مسائل کو حل کرنے کے لئے پرعزم ہے، انہوں نے مزید کہا کہ آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے تمام سینئر پولیس افسران کو ضلع بھر میں کھلی کچہریوں کے انعقاد کے احکامات جاری کئے ہیں اور اس سلسلے میں تمام زونل ایس پیز اپنے زونز میں کھلی کچہریوں کا انعقاد کر رہے ہیں، انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد کا کوئی بھی شہری ان کھلی کچہریوں میں کھل کر اپنے مسائل بیان کر سکتا ہے، اسلام آباد پولیس کی اس عوامی رابطہ مہم کا مقصد شہریوں کے مسائل ان کے دہلیز پر حل کرنا ہے۔

بقیہ 27

اور عالمی منظر نامے پر پاکستان کی پوزیشن پر بات چیت کی گئی

بقیہ 28

اسلام آباد سلیمان ظفر کی سپرویژن میں زونل ایس پیز کی زیر نگرانی مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اور کومنگ آپریشن کیے گئے۔ سرچ آپریشن کے دوران 409 افراد، 176 گھروں، 26 ہوٹلوں، 68 دکانیں، 275 موٹر سائیکلوں اور 100 گاڑیوں کو چیک کیا گیا جبکہ جانچ پڑتال کیلئے 11 مشکوک افراد، 25 موٹرسائیکلوں اور پانچ گاڑیوں کو مختلف تھانہ جات منتقل بھی کیا گیا۔ ایس ایس پی سیکورٹی آپریشنز اسلام آباد سلیمان ظفر کہا کہ سرچ آپریشن کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کے گرد گھیرا تنگ کرنا اور شہر بھر میں سیکورٹی کو موثر بنانا ہے، سرچ آپریشنز ضلع بھر کے مختلف علاقوں میں کئے جا رہے ہیں۔ اسلام آباد پولیس کا جرائم پیشہ عناصر، قبضہ مافیا اور منشیات فروشوں کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ شہریوں سے گزارش ہے کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کے متعلق متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار-15" پر فوری اطلاع دیں۔

بقیہ 29

اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کی جانب ایک دور رس اور بروقت اقدام قرار دیا ہے۔ بدھ کو جاری اپنے بیان میں طاہر ایوب نے کہا کہ ایس ایم ای سیکٹر پاکستان کی معیشت کا بنیادی ستون ہے، جو لاکھوں افراد کو روزگار فراہم کرنے، برآمدات میں اضافے، جدت طرازی کے فروغ اور پائیدار اقتصادی ترقی میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس شعبے کو مالی وسائل تک محدود رسائی، پیچیدہ قرضہ جاتی نظام اور دیگر انتظامی مشکلات کا طویل عرصے سے سامنا رہا ہے، تاہم وزیراعظم کی حالیہ ہدایات ان مسائل کے مؤثر حل کی جانب ایک اہم پیش رفت ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کی جانب سے ایس ایم ایز کے لیے خصوصی مالیاتی مصنوعات متعارف کرانے، بینکوں کے قرضہ جاتی نظام کو مزید مؤثر بنانے اور کاروباری ترقی کی راہ میں حائل رکاوٹیں دور کرنے پر زور دینا حکومت کے کاروبار دوست وژن کا واضح اظہار ہے، ان اقدامات سے چھوٹے کاروبار جدید ٹیکنالوجی اختیار کرنے، اپنی پیداواری صلاحیت بڑھانے، نئی سرمایہ کاری حاصل کرنے اور عالمی منڈیوں میں پاکستانی مصنوعات کی مسابقت کو مزید مستحکم بنانے کے قابل ہوں گے۔ قائم مقام صدر آئی سی سی آئی نے زرعی اجناس، پھلوں اور دیگر زرعی مصنوعات کی ویلیو ایڈیشن اور پراسیسنگ سے وابستہ کسانوں اور کاروباری اداروں کے لیے مالی معاونت اور رہنمائی کی حکومتی پالیسی کو بھی انتہائی اہم قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس سے دیہی معیشت مستحکم ہوگی، فصلوں کے بعد ہونے والے نقصانات میں نمایاں کمی آئے گی، زرعی برآمدات میں اضافہ ہوگا اور زرعی شعبے میں جدید کاروباری سرگرمیوں کو فروغ ملے گا۔ طاہر ایوب نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری حکومت، اسمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سمیڈا)، اسٹیٹ بینک آف پاکستان، کمرشل بینکوں اور دیگر متعلقہ اداروں کے ساتھ بھرپور تعاون جاری رکھے گا تاکہ ملک میں کاروبار دوست ماحول، سرمایہ کاری، صنعتی ترقی، برآمدات میں اضافہ اور پائیدار معاشی استحکام کو فروغ دیا جا سکے۔ آئی سی سی آئی کے نائب صدر محمد عرفان چوہدری نے بھی وزیراعظم کے ایس ایم ایز کے فروغ کے وژن کو سراہتے ہوئے کہا کہ بروقت، آسان اور کم لاگت مالی سہولیات چھوٹے کاروباروں کی بقا، توسیع اور نئی سرمایہ کاری کے لیے ناگزیر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اس قومی مقصد کے حصول کے لیے حکومت، سمیڈا، اسٹیٹ بینک اور بینکاری شعبے کے ساتھ ہر ممکن تعاون کے لیے تیار ہے تاکہ وزیراعظم کے وژن کو عملی شکل دی جا سکے اور اس کے ثمرات ملک بھر کی کاروباری برادری اور قومی معیشت تک مؤثر انداز میں پہنچ سکیں۔

بقیہ 30

بحری اور فضائی اثاثے سرچ آپریشن میں مصروف ہیں۔

بقیہ 31

ہے۔ بدھ کو اپنے تعزیتی بیان میں وفاقی وزیر اطلاعات نے سوگوار خاندان سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ کامریڈ شاہد عثمانی کے انتقال کی خبر سن کر دلی افسوس ہوا۔ انہوں نے کہا کہ مرحوم کی صحافتی اور سماجی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ مرحوم شاہد عثمانی نے اپنی زندگی اصولوں، جمہوری اقدار اور عوامی حقوق کے لیے جدوجہد میں گزاری۔ عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ غم کی اس گھڑی میں فوزیہ شاہد، اہل خانہ اور تمام پسماندگان کے ساتھ دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتا ہوں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو یہ صدمہ حوصلے اور صبر کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق دے۔ آمین

بقیہ 32

یکم جولائی 2025 سے 30 جون 2026 تک تمام بینک اکاؤنٹس کی بینک اسٹیٹمنٹ منسلک کی جائے۔

بقیہ 33

تھا، جس کے بعد تقریباً چار دہائیوں بعد پارٹی دوبارہ اسی مقام پر عوامی اجتماع منعقد کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 25 جولائی کا جلسہ پارٹی کی سیاسی سرگرمیوں کا اہم سنگ میل ہوگا، جس میں کارکنوں اور رہنماؤں کی بڑی تعداد شرکت کرے گی۔ فیصل میر نے کہا کہ جلسے کی تیاریوں کے سلسلے میں پاکستان پیپلز پارٹی نے خصوصی ترانہ بھی جاری کردیا جبکہ لاہور میں تنظیمی سرگرمیوں اور انتظامات کو حتمی شکل دی جا رہی ہے۔ واضح رہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی جانب سے 10 اپریل 1986 کو مینار پاکستان لاہور میں ایک تاریخی اور یادگار جلسہ منعقد کیا گیا تھا۔ یہ جلسہ سابق وزیراعظم بے نظیر بھٹو کی جلاوطنی ختم کر کے وطن واپسی کے موقع پر ان کے استقبال کے لیے منعقد کیا گیا تھا، جس میں لاکھوں افراد نے شرکت کی تھی۔ بے نظیر بھٹو 10 اپریل 1986 کو لاہور پہنچیں جہاں ہوائی اڈے سے مینار پاکستان تک کے راستے میں عوام کا جم غفیر موجود تھا۔ سیاسی تجزیہ کاروں کے مطابق یہ ملکی تاریخ کا سب سے بڑا عوامی اجتماع تھا۔ اس استقبالی جلوس میں اتنی بڑی تعداد میں لوگ جمع ہوئے تھے کہ ایئرپورٹ سے مینار پاکستان تک کا سفر طے کرنے میں بے نظیر بھٹو کو کئی گھنٹے لگ گئے تھے۔

بقیہ 34

کردہ بل اور اس کے تحت دی جانے والی غیر منصفانہ مراعات وفاقی حکومت پر کسی صورت لازم نہیں ہیں اور وفاق اس ماورائے قانون اقدام کو تسلیم نہیں کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ وی آئی پی کلچر ختم کرنے کے دعویداروں نے قانون سازی کے ذریعے اشرافیہ کے لیے مراعات کی نئی اور شرمناک مثال قائم کی ہے۔ وزیر مملکت طلال چوہدری نے بل کی قانونی حیثیت پر بات کرتے ہوئے کہا کہ کسی بھی صوبائی اسمبلی کی قانون سازی یا لیجسلیشن وفاقی حکومت کے لیے بائنڈنگ نہیں ہوتی۔ انہوں نے واضح کیا کہ بلیو پاسپورٹ تاحیات دینے کی اجازت نہیں، وفاقی حکومت، وزیراعظم اور وزیر داخلہ نے پچھلے دو سالوں میں کفایت شعاری کے تحت بلیو (آفیشل) پاسپورٹس کی تعداد پہلے ہی آدھی کر دی ہے، اب یہ پاسپورٹ صرف اور صرف آفیشل ڈیوٹی پر مامور افراد کو ملیں گے، کسی کو خوش کرنے یا سیاسی مراعات کے طور پر کے پی اسمبلی کے تحت تاحیات بلیو پاسپورٹ جاری نہیں کیے جائیں گے۔ کے پی حکومت کی جانب سے اراکین کو بغیر فیس کے ڈبل اور ممنوعہ بور کے اسلحہ لائسنسز دینے کے فیصلے پر انہوں نے بتایا کہ وفاقی وزارت داخلہ نے وزیراعظم کے حکم پر ممنوعہ بور کے لائسنسز کے اجرا میں پچھلی حکومتوں کے مقابلے 95 فیصد تک کمی کر دی ہے۔ غیر ممنوعہ بور کے اسلحہ لائسنسز میں بھی 60 سے 65 فیصد تک کمی کی جا چکی ہے اور اب صرف متعلقہ اور حقدار لوگوں کو کڑی جانچ پرکھ کے بعد ہی لائسنس دیا جاتا ہے۔ طلال چوہدری نے کہا کہ تحریک انصاف کے دانت دکھانے کے اور کھانے کے اور ہیں، لوگوں کو کچھ بتاتے ہیں اور خود کچھ اور کرتے ہیں۔

بقیہ 35

کرنے کا فیصلہ کیا گیا، غیر رجسٹرڈ اداروں میں بڑی تعداد ٹیوشن سینٹرز اور پرائمری سکولوں کی ہے۔ دوسری جانب نجی تعلیمی اداروں کے سٹرکچر اور سیفٹی کا جائزہ لینے کیلئے کمیٹی قائم کردی گئی، محکمہ تعلیم کی جانب سے کمیٹی کے قیام کا باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر اور مختلف زونل آفیسرز کمیٹی کے ارکان ہوں گے، پیرا اور پلاننگ ڈیپارٹمنٹ کے انسپکٹرز کو بھی کمیٹی کا رکن بنا دیا گیا، کمیٹی ارکان تمام نجی تعلیمی اداروں میں فراہم کردہ سہولیات کا جائزہ لیں گے، قانون کے مطابق سہولیات نہ رکھنے والے اداروں کو فی الفور بند کردیا جائے گا، نوٹیفکیشن کے مطابق تعینات کردہ کمیٹی پانچ روز کے اندر اپنی تفصیلی رپورٹ پیش کرے گی۔

بقیہ 36

تقاضے ہیں، جن کا مقصد بھی مختلف ہے، اس لیے دونوں ادائیگیوں کو ڈبل جیوپرڈی قرار نہیں دیا جا سکتا۔ فیصلے میں کہا گیا کہ درخواست گزار کی جانب سے یہ موقف اختیار کیا گیا تھا کہ دونوں ادائیگیاں ایک ہی نوعیت کی مالی ذمہ داری ہیں، تاہم عدالت نے اس استدلال سے اتفاق نہیں کیا اور واضح کیا کہ قانون کے تحت دونوں شرائط پوری کرنا لازم ہے۔ عدالت نے رجسٹرار آفس کی جانب سے ریویو پٹیشن پر عائد اعتراض کو برقرار رکھتے ہوئے درخواست گزار کو اعتراض دور کرنے کے لیے 15 دن کی مہلت دے دی۔

بقیہ 37

کو ریٹرنز فائل کرنا ہوگی۔ وزارت خزانہ کے ذرائع کے مطابق موبائل ایپ میں اردو، انگلش، سندھی، بلوچی زبان میں لانچ کی جائے گی، موبائل ایپ میں رجسٹرڈ ریٹیلرز کیلئے ایف بی آر کی گرین پلیٹ مختص کردی جائے گی، ایف بی آر کے پاس تقریباً 35 لاکھ سے زائد ریٹیلرز کی معلومات موصول ہو چکی ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ رواں مالی سال کیلئے ریٹیلرز کی رجسٹریشن سے 50 ارب روپے ریونیو کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔

بقیہ 38

ساتھ لیپ ٹاپ، نقدی اور اسلحے کو بھی برآمد کرنا ہے۔ عدالت نے ملزمان کے جسمانی ریمانڈ میں 5 روز کی توسیع کردی۔ عدالت نے ملزمان کو 13 جولائی کو دوبارہ پیش کرنے کا حکم دے دیا۔ واضح رہے کہ لاہور میں یورپی ممالک ہالینڈ اور سپین سے تعلق رکھنے والی دو خواتین کے مبینہ اغواء کا واقعہ 29 جون کو پیش آیا تھا اور پولیس نے اس معاملے میں پاکستان کے نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کے ایک رشتہ دار سمیت 8 افراد کو گرفتار کیا ہے۔ اتوار کو ڈی آئی جی آپریشنز لاہور فیصل کامران نے ایک پریس کانفرنس میں بتایا تھا کہ لاہور سے دو غیر ملکی خواتین کے اغواء برائے تاوان کے کیس میں آٹھ افراد کو گرفتار کیا گیا ہے جن میں ایک بڑی سیاسی شخصیت کے رشتہ دار ملوث ہیں اور پولیس میرٹ پر اس معاملے کی تحقیقات کر رہی ہے۔

بقیہ 39

کے لیے 4 ارب 18 کروڑ روپے کے پیکیج کی منظوری دی گئی ہے، پاسکو کے ریگولر ملازمین کی تعداد تقریباً 1101 ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ سیلاب سے متاثرہ گندم کے ذخائر بھی نیلام کیے جائیں گے۔

بقیہ 40

کے مطابق نیپرا نے لیسکو کو ایک لاکھ سے زائد اے ایم آئی سمارٹ میٹرز نصب کرنے کا ہدف دیا ہے۔ یہ سمارٹ میٹرز بالخصوص ان فیڈرز پر لگائے جائیں گے جہاں لائن لاسز اور بجلی چوری کی شرح زیادہ ہے۔ منصوبے کے تحت تقریباً 1 ارب 50 کروڑ روپے کی لاگت سے سنگل فیز اور تھری فیز سمارٹ میٹرز نصب کیے جائیں گے۔ حکام نے رواں سال کے دوران نیپرا کی جانب سے مقرر کردہ اہداف مکمل کرنے کی ہدایات بھی جاری کر دی ہیں۔ منصوبے کے مطابق ہائی لائن لاسز والے علاقوں میں 94 ہزار 800 سنگل فیز جبکہ بجلی چوری سے متاثرہ علاقوں میں 5 ہزار 400 تھری فیز سمارٹ میٹرز نصب کیے جائیں گے۔ حکام کے مطابق اس اقدام سے بجلی چوری کی مؤثر نگرانی، نقصانات میں کمی اور بجلی کی تقسیم کے نظام میں شفافیت لانے میں مدد ملے گی۔

بقیہ 41

کے 11 جوان شہید ہو گئے۔ ہلاک دہشت گرد مسافروں اور مقامی شہریوں سے بھتہ وصول کرنے میں مصروف تھے۔ سیکیورٹی ذرائع نے واضح کیا کہ عوام کی جان و مال اور شاہراہوں کا تحفظ کیا جائے گا اور بلوچستان کے امن کو یرغمال بنانے کی ہر کوشش کا جواب دیا جائے گا۔

بقیہ 42

غیر قانونی اسلحہ واپس لینے سے متعلق قانون سازی پر ورکنگ شروع کر دی ہے۔ ذرائع کے مطابق مجوزہ قانون کے تحت عوام کو غیر قانونی اسلحہ اور لائسنس رضاکارانہ طور پر واپس جمع کرانے کے لیے ایک مخصوص مدت دی جائے گی، مقررہ وقت کے اندر اسلحہ جمع نہ کرانے والوں کے خلاف مقدمات درج کیے جائیں گے اور قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ مجوزہ قانون میں غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے لیے سخت سزاؤں کی تجویز دی گئی ہے، جن میں 10 سال قید سے لے کر عمر قید تک کی سزا شامل ہو سکتی ہے۔

بقیہ 43

بہیمانہ تشدد سے 19 سالہ نوجوان جان کی بازی ہار گیا۔ پولیس نے مقتول کے والد کی مدعیت میں مقدمہ درج کر لیا ہے، تاہم نامزد ملزمان گرفتاری سے بچنے کے لیے عدالت سے ضمانتیں کروانے میں کامیاب ہو گئے۔ پولیس حکام نے بتایا کہ 19 سالہ مقتول ریان یعقوب اپنے دوستوں کے ہمراہ گراؤنڈ میں فٹ بال کھیل رہا تھا کہ کھیل کے دوران معمولی بات پر تلخ کلامی ہوئی، یہ تکرار دیکھتے ہی دیکھتے سنگین صورتحال اختیار کر گئی، جس کے بعد مخالف لڑکوں نے ریان پر اندھا دھند حملہ کر دیا۔ حملے میں شامل پانچ افراد نے مقتول ریان یعقوب کو کیل والے بوٹ، مکے اور ٹھڈے مارے، جس کے نتیجے میں وہ شدید زخمی ہو گیا، ملزمان ریان کو لہولہان کرنے کے بعد موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے تاہم نوجوان کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کیا گیا تاہم وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا۔ واقعے کے بعد مقتول کے والد محمد یعقوب کی مدعیت میں تھانہ مسلم ٹاؤن میں فیضان احمد، فاروق اور تین نامعلوم ملزمان کے خلاف قتل کی دفعات کے تحت باقاعدہ مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ایف آئی آر درج ہونے کے بعد ملزمان نے گرفتاری سے بچنے کے لیے عدالت سے عبوری ضمانتیں حاصل کر لی ہیں، تاہم پولیس نے واقعے کی سائنسی اور قانونی بنیادوں پر تفتیش کا دائرہ وسیع کر دیا ہے۔

بقیہ 44

میں ایکس باکس بھی شامل ہے۔ کمپنی نے تصدیق کی ہے کہ اب تک 1600 ایکس باکس ملازمین کو فارغ کیا جا چکا ہے جبکہ رواں سال مزید ملازمین کی برطرفیوں کا بھی امکان ہے۔ مائیکروسافٹ کے مطابق یہ اقدام ایکس باکس ڈویژن کی تنظیم نو اور کاروبار کو از سر نو مستحکم کرنے کے منصوبے کا حصہ ہے۔ ایکس باکس کی چیف ایگزیکٹو آشا شرما نے ملازمین کے نام اپنے پیغام میں کہا کہ آج مائیکروسافٹ کا کاروبار صحت مند نہیں ہے۔ ان کے مطابق کمپنی ایسے منافع پر کام کر رہی ہے جو اسی شعبے کی دیگر پلیٹ فارم اور پبلشنگ کمپنیوں کے مقابلے میں 3 سے 10 گنا کم ہے۔ آشا شرما نے گیمنگ انڈسٹری میں جاری ہارڈ ویئر بحران کا بھی ذکر کیا اور کہا کہ گیمنگ کنسولز کے پرزہ جات کی قیمتوں میں نمایاں اضافے نے کاروبار کو متاثر کیا ہے۔ ان کے مطابق ایکس باکس کو اس وقت سونی کے پلے اسٹیشن اور ننٹینڈو کے سوئچ سے سخت مسابقت کا سامنا ہے جس کے باعث کمپنی کو اپنے کاروباری ڈھانچے میں بڑے پیمانے پر تبدیلیاں کرنا پڑ رہی ہیں۔

بقیہ 45

کی بلال کالونی میں زیر تعمیر مکان کا لینٹر گرنے سے مالک مکان بابر شاہ اور دو مزدور ملبے تلے دب گئے۔ ریسکیو نے امدادی کارروائی کرتے ہوئے تینوں کو شدید زخمی حالت میں ملبے سے نکال کر ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال منتقل کیا جہاں مالک مکان بابر شاہ اور ایک مزدور زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہوگئے۔ تیسرے زخمی مزدور کی حالت تشویشناک بتائی جا رہی ہے جسے مزید علاج کے لیے نشتر ہسپتال ملتان ریفر کردیا گیا۔

بقیہ 46

سرگودھا شہر کے علاقہ فاروق کالونی کے اصغر محمود کی اہلیہ صبا اسلام محکمہ لوکل گورنمنٹ میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر ہے جس نے گھر میں لڑکیاں لانے پر شوہر کو منع کیا جو گزشتہ روز لڑکی کو گھر لیجا کر پہنچا تو بیوی تلخ پا ہوگئی جس پر اصغر محمود نے اہلیہ کو تشدد کا نشانہ بناتے ہوئے قینچی سے بال کاٹ ڈالے اور قیمتی موبائل فون چھین کر توڑ ڈالا جس نے شوہر پر نشہ کا عادی اور لڑکیوں کا دھندہ کرنے کا الزام عائد کردیا۔ پولیس تھانہ ساجد شہید نے اسسٹنٹ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر صبا اسلام کی مدعیت میں اس کے شوہر اصغر محمود کے خلاف زیر دفعہ 337V ت پ مقدمہ درج کر لیا اور ملزم کی تلاش میں مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ 47

بھارتی الزامات مسترد کردیے۔ کہا بھارت اصل مسئلے سے توجہ ہٹانے کیلئے سیاسی بیانات دے رہا ہے۔ پاکستانی نمائندے نے کہا کہ سندھ طاس معاہدہ عالمی بینک کی ثالثی سے طے پایا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت یکطرفہ سندھ طاس معاہدہ معطل نہیں کرسکتا، سندھ طاس معاہدے میں یکطرفہ معطلی کی کوئی شق موجود نہیں، آرٹیکل 12 کے تحت سندھ طاس معاہدہ مکمل طور پر نافذ العمل ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت عالمی قوانین کی خلاف ورزی اور ٹارگٹ کلنگ میں ملوث ہے، پانی کو ہتھیار بنانا کروڑوں انسانوں کے خلاف دہشت گردی ہے، بھارت پاکستان کو دریاں کے قانونی حصے سے محروم نہیں کرسکتا۔

بقیہ 48

آسان اقساط پر 10 لاکھ روپے دیے جائیں گے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت "اپنی چھت، اپنا گھر" اور "اپنی زمین، اپنا گھر" پروگرامز کے حوالے سے اہم اجلاس کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر باکو میں "پنجاب پاکستان پویلین" کی شاندار کامیابی کی رپورٹ پیش کی گئی اور خصوصی دستاویزی ڈاکومنٹری پیش کی گئی۔ اجلاس میں "اپنی چھت، اپنا گھر" پروگرام کے تحت 1 لاکھ 80 ہزار سے زائد بے گھر خاندانوں کو سود فری آسان اقساط قرض منظور کیے گئے۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ "اپنی چھت، اپنا گھر" پروگرام کے تحت 1 لاکھ 70 ہزار خاندانوں کو قرض فراہم کر دیا گیا۔ "اپنی چھت، اپنا گھر" منصوبے کے لیے 8.217 ارب روپے جاری کر دیے گئے جبکہ پروگرام کے تحت پنجاب بھر میں ساڑھے 27 ہزار گھر تکمیل کے آخری مراحل میں ہیں۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ "اپنی چھت، اپنا گھر" پروگرام کے تحت پنجاب بھر میں 1 لاکھ 34 ہزار 343 گھر مکمل ہو چکے ہیں۔ 12 لاکھ 78 ہزار سے زائد بے گھر خاندانوں نے "اپنی چھت، اپنا گھر" پروگرام کے لئے درخواستیں وصول ہوئیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے "اپنی چھت، اپنا گھر" پروگرام کی دوسری قسط کو تین دن کے اندر اندر عوام کو جاری کرنے کا حکم دیا اور کہا کہ بحران میں بیانات نہیں، عملی اقدامات گڈ گورننس ہے۔ اجلاس میں 10 لاکھ روپے کی نئی کیٹیگری کے ساتھ گھر پر اضافی منزل بنانے کی تجویز منظور کی گئی۔ خستہ حال یا بوسیدہ چھت کی مرمت کے لیے 5 لاکھ روپے کی تجویز کو بھی منظور کیا گیا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ "اپنی زمین، اپنا گھر" پروگرام کے تحت 23 اضلاع میں 2 ہزار پلاٹ دیے گئے۔

بقیہ 49

حکومتی اور اپوزیشن اراکین کو قانون سازی میں شمولیت کو یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے تفیل پیغام امن کمیٹی میں وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی طرف سے شاندار پالیسی پیش کرنے پر خراج تحسین پیش کیا۔ "اپنا کھیت، اپنا روزگار" سکیم کے اجراء پر بھی سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے خراج تحسین پیش کیا۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو "اپنا کھیت، اپنا روزگار" سکیم کی قرعہ اندازی پر مبارکباد دی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے "اپنا کھیت، اپنا روزگار" سکیم کو پوری ٹیم کی کامیابی قرار دیا اور کہا کہ پنجاب میں عوام کیلئے ہر روز نت نئے پراجیکٹ لا رہے ہیں۔ حکومت کی نظر اب پسماندہ علاقوں پر ہے جہاں سڑکوں پر الیکٹرک بسیں اور زراعت میں جدید مشینری لا رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ "اپنا کھیت، اپنا روزگار" سکیم سے 30 ہزار بے روزگار خاندانوں کو زمین اور روزگار ملا ہے۔

بقیہ 50

ملک بھر کے صارفین پر ہوگا، جبکہ اضافی وصولیاں جولائی کے بجلی کے بلوں میں کی جائیں گی۔ واضح رہے کہ سنٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی نے بجلی کی قیمت میں 2 8 پیسے فی یونٹ اضافے کی درخواست کی تھی، تاہم نیپرا نے سماعت کے بعد 33 پیسے فی یونٹ اضافے کی منظوری دی۔

بقیہ 51

میں بیرسٹر گوہر نے کہا کہ 37 ہفتے گزر گئے بانی پی ٹی آئی سے کسی کی ملاقات کی نہیں ہوئی، ملاقات روکیں گے تو نفرتیں اور تناؤ بڑھے گا۔ یہ بات درست ہے کہ فیملی کی ملاقات کے حوالے سے بات چیت ہوئی تھی، حکومت میں جن سے بات چیت کرتے ہیں ان سے ملاقات کی درخواست کی تھی۔ کہا گیا تحریری طور پر ملاقات کا خط لکھیں اور باہر آکر سیاسی بات نہیں کریں گی، فیملی کی طرف سے مطالبہ تھا کہ سب کی ملاقات ہونی چاہیے، اس پر پیشرفت نہ ہوسکی۔ میرے پاس جو پیغام آیا اس میں بانی پی ٹی آئی یا بشریٰ کی جانب سے کوئی شکایت نہیں ہوئی، بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کے لیے ایک آفر ضرور آئی تھی، علیمہ باجی نے بھی اس کا ذکر کیا تھا۔ بیرسٹر گوہر کا کہنا تھا کہ ہم چاہتے ہیں کہ بانی پی ٹی آئی کی مشاورت سے سارے فیصلے ہوں، بانی پی ٹی آئی کو 5 اور بشریٰ بی بی کو 3 مرتبہ ہسپتال لے کر گئے۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ اگر چھوٹی چھوٹی باتیں دیکھیں گے تو ہم ایک قدم بھی آگے نہیں بڑھ پائیں گے، پہلے بھی کہا تھا بانی پی ٹی آئی کے خلاف سزا کے فیصلے آئے تو تناؤ مزید بڑھے گا، ملک میں تقسیم بڑھے گی۔ یہ مجرم کو سزا نہیں دے رہے سسٹم کو ڈی ریل کرنے کی کوشش کر رہے ہو، ہماری پارٹی میں کوئی بغاوت اور فارورڈ بلاک نہیں ہے، بانی پی ٹی آئی کی قیادت میں سب متحد ہیں۔ بیرسٹر گوہر نے یہ بھی کہا کہ آزاد کشمیر انتخابات میں حصہ نہ لینے کے معاملے پر سیاسی کمیٹی بیٹھی تھی، آزاد کشمیر الیکشن کے بائیکاٹ کا فیصلہ وہاں کے حالات دیکھ کر کیا۔ آزاد کشمیر کے معاملے پر دوٹوک کہہ چکے، ریاست مخالف بیانیے کی حمایت نہیں کرتے، ہرزہ سرائی کو سپورٹ نہیں کریں گے، عوامی مطالبات کو سپورٹ کرتے ہیں۔

بقیہ 52

صدر مملکت نے کہا کہ چین میں آنے والے تباہ کن سیلاب اور شدید بارشوں سے ہمارے چینی بھائیوں اور بہنوں کو پہنچنے والے نقصان پر گہرا دکھ اور افسوس ہے۔ انہوں نے کہا کہ اپنے پیاروں کو کھونے والے خاندانوں سے دلی تعزیت کا اظہار اور اس مشکل وقت میں چین کے عوام کے ساتھ پاکستان کی مکمل یکجہتی کا اعادہ کرتا ہوں۔ صدر مملکت نے کہا کہ ہماری آہنی دوستی ہمیشہ مضبوط اور قائم رہے گی۔

بقیہ 53

ہے۔ وزیراعلیٰ سندھ نے ہدایت کی ہے کہ معصوم بچے کے قتل اور مبینہ زیادتی میں ملوث ملزم یا ملزمان کو قانون کے مطابق سخت ترین سزا دلانے کے لیے ہر ممکن قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے اور اس معاملے میں کسی قسم کی رعایت نہ برتی جائے۔ انہوں نے زور دیا کہ کیس کی تفتیش مکمل شفافیت، غیر جانبداری اور میرٹ کی بنیاد پر کی جائے تاکہ تمام حقائق سامنے آسکیں اور متاثرہ خاندان کو بروقت انصاف فراہم کیا جا سکے۔

بقیہ 54

کرے گا۔ اس سلسلے میں وفاقی حکومت کی جانب سے سندھ حکومت کو مکمل معاونت فراہم کی جائے گی، جس کے تحت وفاق سندھ ایڈز کنٹرول پروگرام کو 50 ہزار ایچ آئی وی ٹیسٹنگ کٹس فراہم کرے گا۔ منصوبے کے مطابق ولیکا اسپتال آنے والے تمام مشتبہ افراد کے ایچ آئی وی ٹیسٹ کیے جائیں گے، جبکہ پٹھان کالونی کے مختلف رہائشیوں کی بھی اسکریننگ کی جائے گی۔

بقیہ 55

الرحمان نے واقعے کے تقریباً پانچ سال بعد مقدمے میں نامزد مسلم لیگ (ن) کے کارکنان غلام عباس اور طارق جٹ پر فرد جرم عائد کر دی۔ لاہور میں جوڈیشل مجسٹریٹ سعد الرحمان نے شہباز گل پر انڈے اور سیاہی پھینکنے کے مقدمے کی سماعت کی، عدالتی حکم پر تمام ملزمان نے پیش ہو کر اپنی اپنی حاضری مکمل کروائی، اس دوران ملزمان کو چارج شیٹ پڑھ کر سنائی گئی، جس پر ملزمان نے صحت جرم سے انکار کیا جس کے بعد عدالت نے لیگی کارکنوں غلام عباس اور طارق جٹ پر فرد جرم عائد کردی۔ عدالت نے ملزمان کے انکار کے بعد استغاثہ کے گواہان کو آئندہ سماعت پر طلب کرتے ہوئے کیس کی مزید کارروائی ملتوی کردی۔

بقیہ 56

التوا کو ایوان میں پیش یا سرکاری طور پر جاری ہونے سے پہلے شائع یا نشر کرنا بھی ممنوع قرار دیا گیا ہے۔ ایکٹ کے تحت جرم کی نوعیت کے مطابق خلاف ورزی کرنے والوں کو قید، جرمانہ یا دونوں سزائیں دی جا سکتی ہیں۔ اسمبلی کی کارروائی یا رکن کی تقریر کی مسخ شدہ رپورٹ شائع کرنے پر 3 ماہ قید یا 3 لاکھ روپے جرمانہ ہوگا۔ ممنوعہ اسمبلی کارروائی یا کمیٹی رپورٹ شائع کرنے پر 6 ماہ قید، 10 لاکھ روپے جرمانہ یا دونوں سزائیں ہوں گی۔ اسمبلی یا اس کے وقار کے خلاف ہتک آمیز بیان شائع کرنے پر 6 ماہ قید یا 5 لاکھ روپے جرمانہ یا دونوں سزائیں ہوں گی۔ اسمبلی افسر پر حملہ یا سرکاری فرائض کی انجام دہی میں رکاوٹ ڈالنے پر ایک ماہ قید یا ایک لاکھ روپے جرمانے کی سزا ہوگی۔

بقیہ 57

ہزار 878 پوسٹ انکارپوریشن پراسیس، جن میں فارمز اور ریٹرنز شامل ہیں، مکمل کیے گئے۔ کمیشن نے مختلف شعبوں کے لیے 149 نئے لائسنس بھی جاری کیے ہیں، جبکہ ان لسٹڈ کمپنیوں کے مینول شیئرز کو ڈیجیٹل بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ مرکزی یو بی او اور رجسٹری پورٹل تیار کرلیا گیا ہے اور کمپنیاں اپنی معلومات آن لائن جمع کرا رہی ہیں۔ کمپنیوں کی رجسٹریشن کے عمل کو مزید مؤثر بنانے کے لیے آرٹیفیشل انٹیلی جنس پر مبنی نظام متعارف کرانے پر بھی کام جاری ہے۔ کاروباری سہولتوں کے فروغ کے لیے اسلام آباد، لاہور اور کراچی میں بزنس فیسلیٹیشن سینٹرز بھی قائم کیے جائیں گے۔

بقیہ 58

سعد رفیق نے کہا کہ پاکستان اور کشمیری عوام کا رشتہ لازوال ہے اور دنیا میں شاید ہی کوئی قوم کشمیریوں سے بڑھ کر پاکستان سے محبت کرتی ہو۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ کشمیری عوام کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت کی ہے اور مسئلہ کشمیر کا حل اقوام متحدہ کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق ہونا چاہیے۔ سابق وفاقی وزیر نے کہا کہ آزاد کشمیر کی مہاجر نشستیں کسی صورت ختم نہیں ہونے دیں گے، اگر انتخابی نظام میں خامیاں موجود ہیں تو ان کی اصلاح کی جائے، نظام کو ختم کرنا مسئلے کا حل نہیں۔ سعد رفیق نے کہا کہ احتجاج ہر شہری کا آئینی حق ہے، تاہم ایسا احتجاج عوام کے لیے مشکلات کا باعث نہیں بننا چاہیے۔

کشمیر کا بچہ بچہ آزادی کے جذبے سے سرشار ہے، مریم نواز

پاکستان ہمیشہ کشمیری عوام کی آزادی کی جدوجہد کا مقدمہ دنیا بھر میں اجاگر کرتا رہے گا

مریم نواز شریف کا مقبوضہ جموں وکشمیر کی تحریک آزادی کے رہنما برہانی وانی شہید کی شہادت کی برسی پر پیغام

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے مقبوضہ جموں وکشمیر کی تحریک آزادی کے رہنما برہان وانی شہید کے خاندان کو سلام پیش کیا۔ برہان وانی شہید کی برسی کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ برہان وانی شہید مقبوضہ جموں و کشمیر کے حقیقی ہیرو ہیں۔ برہان وانی کی شہادت نے ثابت کیا کہ کشمیر کا بچہ بچہ آزادی کے جذبے سے سرشار ہے۔ پاکستان ہمیشہ کشمیری عوام کی آزادی کی جدوجہد کا مقدمہ دنیا بھر میں اجاگر کرتا رہے گا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ اقوام متحدہ سمیت (بقیہ نمبر 13)

اسسٹنٹ کمشنر سرگودھا احمد شیر گوندل کی کھلی کچہری

شہریوں کے مسائل سنے اور فوری حل کے احکامات جاری کئے

سرگودھا (این این آئی) اسسٹنٹ کمشنر سرگودھا احمد شیر گوندل نے کھلی کچہری لگا کر شہریوں کے مسائل سن کر ان کے فوری حل کے احکامات جاری کئے اور کہا کہ حکومت کے احکامات پر عوام کے درپیش مسائل کے فوری حل کے لئے بھرپور اقدامات کیے جا رہے ہیں جس میں کسی کوتاہی یا غفلت کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر (بقیہ نمبر 14)

راولپنڈی پولیس کی ڈکیتی، موٹر سائیکل چوری ودیگر چوری کی وارداتوں میں ملوث گینگز کے خلاف کارروائیاں، دو گینگز کے چار افراد گرفتار کر لیا گیا

مہنگی ایل پی جی بیچنے والوں کیخلاف کارروائی، 25 دکانیں سیل

مہنگی ایل پی جی بیچنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رکھنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) مہنگی ایل پی جی بیچنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری کرتے ہوئے مختلف علاقوں میں 25 دکانیں سیل کردیں ۔ جاری اعلامیہ کے مطابق ۔ جاری اعلامیہ کے مطابق ایچ 13 میں 3، پی ڈبلیو ڈی، جناح گارڈن میں 8 دکانیں (بقیہ نمبر 16)

بدعنوانی اور غفلت پر کڑا احتساب، انسپکٹر اور کانسٹیبل برطرف

ایک انسپکٹر کی تنزلی، متعدد اہلکاروں کی ترقی وانکریمنٹ روک دی گئی

لاہور (این این آئی) چیف ٹریفک آفیسر لاہور سید عبدالرحیم شیرازی کا فرائض میں غفلت، لاپرواہی اور بدعنوانی پر سخت ایکشن ،ٹریفک انسپکٹر اور کانسٹیبل نوکری سے برخاست، ایک کی عہدے سے تنزلی جبکہ متعدد کو دیگر محکمانہ سزائیں سنادیں۔ تفصیلات کے مطابق سی ٹی او لاہور نے بدعنوانی کی شکایت پر ٹریفک انسپکٹر اور کانسٹیبل کو نوکری (بقیہ نمبر 17)

ایف آئی اے کی کارروائی، لیسکو میٹرز میں ردوبدل کرنے والا ملزم گرفتار

لاہور (این این آئی) ایف آئی اے اینٹی کرپشن سرکل نے کارروائی کرتے ہوئے لیسکو کے بجلی میٹرز میں غیر قانونی ردوبدل اور ریورسنگ کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ایف آئی اے کے مطابق ملزم کو چھاپہ مار کارروائی کے دوران لاہور سے گرفتار کیا گیا جس کی شناخت محمد عارف کے نام سے ہوئی ہے۔ حکام کے مطابق ملزم کے قبضے سے لیسکو کے بجلی (بقیہ نمبر 15)

چکوال میں جعلی شناختی کارڈ کیس میں نادرا کے 3 افسر گرفتار

اسلام آباد (اے ایف پی) چکوال میں جعلی شناختی کارڈ کیس میں نادرا کے 3 افسر گرفتار ہو گئے۔ رپورٹ کے مطابق افغان شہری کو مبینہ طور پر جعلی پاکستانی شناختی کارڈ جاری کرانے کے مقدمے میں اہم پیش رفت ہوئی ہے، ایف آئی اے اینٹی کرپشن سرکل اسلام آباد کی تحقیقات کے نتیجے میں درج مقدمے میں نامزد نادرا ڈل بورڈ کے تین افسران گرفتار کر لئے گئے۔ افسران میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر شہزاد محمد نسیم، سینئر ایگزیکٹو راجہ تیمور اور انٹیلی جنس آفیسر بجید محمود شامل ہیں۔

میانوالی میں آسمانی بجلی گرنے سے فوجی عزیز الرحمٰن جاں بحق

میانوالی (این این آئی) میانوالی کی تحصیل عیسیٰ خیل کے علاقے شیخ فیروز والا میں طوفان بادو باراں کے دوران آسمانی بجلی گرنے سے فوجی عزیز الرحمٰن جاں بحق، عینی شاہدین کے مطابق طوفان بادو باراں کے دوران سیاہ گھنے بادلوں ابادی کے قریب آگئے تھے اور بادلوں میں انتہائی خطرناک گرج چمک سے لوگوں میں خوف وہراس پھیل گیا، اور لوگوں (بقیہ نمبر 18)

اسلام آباد: انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی سنٹرل پولیس آفس میں کھلی کچہری کے دوران شہریوں مسائل سن رہے ہیں

ایس ایچ اوز دفاتر میں مقررہ کئے گئے ٹائم کی پابندی کریں

آئی جی اسلام آباد کا پولیس کی جاری بھرتی کے عمل، شفافیت، میرٹ، انتظامی امور اور امیدواروں کو سہولت کی فراہمی سے متعلق امور کا جائزہ

تمام سینئر افسران کو بھرتی کے تمام مراحل کو مکمل شفافیت، میرٹ اور پیشہ ورانہ انداز میں بروقت مکمل کرنے کی ہدایات جاری

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد پولیس سید علی ناصر رضوی نے اسلام آباد پولیس کی جاری بھرتی کے عمل، شفافیت، میرٹ، انتظامی امور اور امیدواروں کو سہولت کی فراہمی سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا اور تمام سینئر افسران کو بھرتی کے تمام مراحل کو مکمل شفافیت، میرٹ اور پیشہ ورانہ انداز میں بروقت مکمل کرنے کی ہدایات جاری کیں۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس (بقیہ نمبر 19)

اسلام آباد، چھ اشتہاریوں سمیت 24 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

کسی بھی عناصر کو شہریوں کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے سنگین جرائم میں ملوث چھ اشتہاریوں سمیت 24 جرائم پیشہ عناصر گرفتار کرلئے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارلحکومت میں شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کیلئے موثر کریک ڈاؤن جاری ہے۔ اس سلسلے میں اسلام آباد پولیس تھانہ کوہسار، تھانہ (بقیہ نمبر 20)

اراکین کو بلیو پاسپورٹ، اسلحہ لائسنس کی سہولت سے متعلق وضاحت

اراکینِ صوبائی اسمبلی کیلئے کوئی نئی سہولت فراہم نہیں کی گئی، ترجمان

پشاور (این این آئی) ترجمان نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا اسمبلی کے اراکین کے استحقاق اور سہولیات سے متعلق بعض میڈیا رپورٹس حقائق کے برعکس اور گمراہ کن ہیں، جن سے عوام میں غلط فہمیاں پیدا ہوئی ہیں۔ ترجمان نے اعلامیے میں کہا کہ اس حوالے سے واضح کیا جاتا ہے کہ زیرِ بحث آنے والی تقریباً 99 فیصد مراعات، اختیارات اور سہولیات خیبر پختونخوا صوبائی اسمبلی (اراکین کے استحقاقات) ایکٹ، 1988 میں پہلے سے موجود (بقیہ نمبر 22)

جعلی واٹس ایپ اکاؤنٹس بنانے والے نیٹ ورک کی خاتون گرفتار

مقدمہ درج، ساہیوال کی رہائشی ملزمہ صفیہ افضل قانون کی گرفت میں آ گئی

لاہور (این این آئی) لاہور میں این سی سی آئی اے نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے جعلی واٹس ایپ اکاؤنٹس اور گروپس بنانے والے نیٹ ورک کی خاتون گرفتار کرلیا۔ پی ٹی اے کی شکایت پر مقدمہ درج کرلیا گیا، ساہیوال کی رہائشی ملزمہ صفیہ افضل قانون کی گرفت میں آ گئی۔ ملزمہ غیر قانونی فعال سمز پر جعلی واٹس ایپ اکاؤنٹس اور گروپس بنا کر فروخت (بقیہ نمبر 23)

اسکردو جانے والی نجی ایئرلائن کی پرواز سے پرندہ ٹکرا گیا

اسکردو (این این آئی) اسکردو کے لیے روانہ ہونے والی نجی ایئرلائن کی پرواز ٹیک آف کے دوران پرندے سے ٹکرا گئی۔ ایئر لائن کے ترجمان کے مطابق پرواز پی کے 455 میں 170 مسافر سوار تھے، پرندہ ٹیک آف کے دوران طیارے سے ٹکرایا، جس کے نتیجے میں ایئربس 320 کے انجن نمبر 2 کو شدید نقصان پہنچا۔ ترجمان کے (بقیہ نمبر 21)

اسکالرشپ کیخلاف کیس، نجی تعلیمی ادارے کو جاری نوٹس معطل

اسلام آباد (این این آئی) نجی تعلیمی اداروں میں 10 فیصد مستحق طلبا کیلئے اسکالرشپ کیخلاف کیس میں اسلام آباد ہائی کورٹ نے نجی تعلیمی ادارے کو جاری پیرا کا نوٹس معطل کردیا۔ جسٹس ارباب محمد طاہر نے زعفران الٰہی کی درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزار کے وکیل نے مقف اختیار کیا کہ میرے مکل کی سیکٹر آئی ٹین میں تعلیمی ادارہ ہے، پیرانے 11 جون کو نوٹس بھیج کر 10 فیصد مستحق اسکالرشپ طلبا کا ڈیٹا مانگا، پیرا کا نوٹس بنیادی حقوق کے منافی ہے، کالعدم قرار دیا جائے۔

پاکستان ریلویز کی 31 حادثات کی انکوائریاں التوا کا شکار

قوانین کے مطابق غفلت اور لاپروائی کے مرتکب افسران اور ملازمین کے خلاف کارروائی ہونی چاہیے تھی

رواں سال کے علاوہ گزشتہ پانچ برسوں کے دوران پیش آنے والے متعدد حادثات کی انکوائریاں بھی مکمل ہو چکی ہیں

لاہور (این این آئی) پاکستان ریلویز 31 حادثات کی انکوائریاں بروقت مکمل نہ کر سکا تاہم بعض انکوائریاں مکمل بھی ہوئیں تو ان پر اعلیٰ افسران نے مختلف اعتراضات لگا کر متعلقہ افسران کو بچانے کی کوشش کی، قوانین کے مطابق غفلت اور لاپروائی کے مرتکب افسران اور ملازمین کے خلاف کارروائی ہونی چاہیے تھی۔ نجی ٹی وی کو موصول ہونے والے اعداد وشمار کے مطابق مالی سال 2025 سے لے کر 10 جون 2026 تک مجموعی طور پر 31 سے زائد مسافر اور مال بردار ٹرینیں ڈی ریلمنٹ، تصادم، کھڑی گاڑیوں اور ان کے (بقیہ نمبر 24)

کوئٹہ میں کھلونا نما بم پھٹنے سے 2 بچے جاں بحق، ایک شدید زخمی

کوئٹہ (آئی آئی پی) بلوچستان کے شہر کوئٹہ کے علاقے کلی جدید میاں خان میں کھلونا نما بم پھٹنے کے نتیجے میں 2 بچے جاں بحق جب کہ ایک شدید زخمی ہوگیا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ بچوں کو باہر سے کھلونا نما ایک چیز ملی تھی، جسے وہ اپنے گھر لے آئے، بچے اس کھلونا نما چیز سے کھیل رہے تھے کہ اچانک زوردار دھماکا ہوگیا۔ کھلونا نما بم پھٹنے کے نتیجے میں 2 بچے موقع پر ہی جان کی بازی ہار گئے جب کہ ایک بچہ شدید زخمی ہوگیا، جسے فوری طور پر ہسپتال منتقل کردیا گیا۔

راولپنڈی: سڑک کنارے ایک محنت کش گاہکوں کو متوجہ کرنے کیلئے لیموں فروخت کیلئے سجا رہا ہے

لاہور: صوبائی وزیر صحت وایمر جنسی سروسز پنجاب خواجہ سلمان رفیق ریسکیو ہیڈ کوارٹرز میں فلڈ پری پریشن کے لئے نئے سامان کا جائزہ لے رہے ہیں

اسلام آباد میں سمیڈا کے مرکزی دفتر کا افتتاح

چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہیں، ہارون اختر

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے معاونِ خصوصی برائے صنعت وپیداوار ہارون اختر خان نے اسلام آباد میں سال اینڈ میڈیم انٹر پرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سمیڈا) کے نئے مرکزی دفتر کا افتتاح کر دیا۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ہارون اختر خان نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی ہدایت پر پہلی مرتبہ اسمیڈا کا مرکزی دفتر (بقیہ نمبر 25)

ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق کی کھلی کچہری

شہریوں کے مسائل سن کر حل کے افسران کو احکامات جاری کئے

اسلام آباد (این این آئی) ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق نے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل سن کر حل کے احکامات جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی خصوصی ہدایات (بقیہ نمبر 26)

سی پی او حسن مشتاق سکھیرا کی ہدایت پر ایس ایس پی آپریشنز ملک طارق محبوب کی تھانہ چونترہ میں کھلی کچہری

ڈگری کی ایلسا لینگویج، کوچنگ اینڈ کمپیوٹر اکیڈمی ڈگری کی دوسری سالانہ ایوارڈز تقریب

اساتذہ میں ''بیسٹ پرفارمنس'' ایوارڈ اور سٹیفکیٹ تقسیم

تقریب میں معزز شخصیات، اساتذہ کرام، والدین اور طلبہ نے شرکت کی

ایلسا اکیڈمی کے پرنسپل سائیں انعام اللہ دادو پوتہ نے مہمانوں کو خوش آمدید کہا

ڈگری (رپورٹ محمد عاصم آرائیں) ڈگری کی ایلسا لینگویج، کوچنگ اینڈ کمپیوٹر اکیڈمی ڈگری کی دوسری سالانہ ایوارڈز تقریب ڈگری میں شاندار انداز میں منعقد ہوئی۔ جس میں مہمان خاص ڈائریکٹر پرائیویٹ اسکولز میرپورخاص ڈویژن عبدالهادی داؤد پوتہ، تعلیمی بورڈ میرپورخاص کے سابق چیئرمین عباس علی خان قائم خانی تھے، جبکہ تقریب میں معزز شخصیات، اساتذہ کرام، والدین اور طلبہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب کے دوران طلبہ نے تقاریر، ٹیبلوز اور خاکے پیش کیے، اس موقع پر ایلسا اکیڈمی ڈگری کی سالانہ تقریب کا (بقیہ نمبر 11)

رسالدار شاہی واہ پل کے ناقص تعمیراتی ڈھانچے کے باعث حادثہ

المناک حادثے میں لاپتا بچے کی تلاش کے لیے نہر بند کرنے کا مطالبہ

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ: رسالدار شاہی واہ پر قائم مبینہ طور پر ناقص تعمیر شدہ پل سے مسافروں کی ڈالسن گاڑی نہر میں گرنے کے المناک حادثے میں سات افراد سوار تھے، جن میں سے پانچ افراد بحفاظت باہر نکل آئے، جبکہ دو معصوم بچے نہر میں ڈوب کر جاں بحق ہوگئے۔ ذرائع کے مطابق ایک بچے کی لاش بعد ازاں گھوٹو شاخ، تنگوانی کے قریب مقامی دیہاتیوں کو ملی، جسے ورثا کے حوالے کر دیا گیا، تاہم دوسرے بچے کی (بقیہ نمبر 12)

ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹرز محمد عتیق طاہر اور اے آئی جی لاجسٹکس عبدالحق عمرانی نے اسلام آباد پولیس کے سمر سکول کیمپ کا دورہ کیا

بلاول بھٹو زرداری کی وزیر خارجہ اسحٰق ڈار سے ملاقات

آزاد کشمیر سمیت ملکی سیاسی صورت حال اور عالمی منظرنامے پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی وزارت خارجہ کے دفتر میں ملاقات ہوئی، اس موقع پر گلگت بلتستان اور آزاد جموں وکشمیر سمیت ملکی سیاسی صورت حال (بقیہ نمبر 27)

راولپنڈی: مرکزی انجمن تاجران اتفاق انصاف گروپ راجہ بازار کے صدر نجم پرویز بھٹی دیگر تاجر رہنماؤں کے ہمراہ یونین کے گزشتہ آٹھ برس سے انتخابات نہ ہونے کے معاملے پر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

اسلام آباد پولیس کا گرینڈ کومنگ اینڈ سرچ آپریشن

11 مشکوک افراد، 25 موٹر سائیکل، پانچ گاڑیاں مختلف تھانہ جات منتقل

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے مختلف علاقوں میں گرینڈ کومنگ اینڈ سرچ آپریشن کے دوران جانچ پڑتال کیلئے 11 مشکوک افراد، 25 موٹر سائیکلوں اور پانچ گاڑیوں کو مختلف تھانہ جات منتقل کیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارلحکومت میں جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے مختلف علاقوں میں گرینڈ کومنگ اینڈ سرچ آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے۔ اس سلسلے میں ایس ایس پی سکیورٹی آپریشنز (بقیہ نمبر 28)

ایس ایم ایز کے فروغ کیلئے وزیراعظم کے اقدامات خوش آئند ہیں

زرعی برآمدات میں اضافہ ہوگا اور زرعی شعبے میں جدید کاروباری سرگرمیوں کو فروغ ملے گا، طاہر ایوب

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) کے قائم مقام صدر طاہر ایوب نے وزیراعظم محمد شہباز شریف کی جانب سے اسٹیٹ بینک آف پاکستان اور کمرشل بینکوں کے اشتراک سے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کو آسان اور مؤثر مالی سہولیات کی فراہمی کیلئے جامع حکمت عملی مرتب کرنے کی ہدایت کا بھرپور خیر مقدم کرتے ہوئے اسے ملکی معیشت کے استحکام، صنعتی ترقی (بقیہ نمبر 29)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الٰہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

فلور ملز اور گندم کے ذخائر کی باقاعدہ نگرانی جاری رکھی جائے گی

غیر قانونی ذخیرہ اندوزی، بغیر لائسنس گندم کی خرید وفروخت اور مصنوعی قلت پیدا کرنے کی کسی بھی کوشش کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا

اسسٹنٹ کمشنر کندھکوٹ زرار احمد خاصخیلی کی گندم ذخیرہ اندوزوں اور غیر لائسنس یافتہ ڈیلرز کے خلاف کارروائی

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) کندھکوٹ: قانون نافذ کرنے والے اداروں کی خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر اسسٹنٹ کمشنر کندھکوٹ زرار احمد خاصخیلی نے ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر کے ہمراہ تعلقہ کندھکوٹ میں حکومت سے لائسنس یافتہ گندم کے ذخیرہ مراکز کا اچانک دورہ کیا۔ اس موقع پر گندم کے ذخائر، اسٹاک رجسٹر، خرید و فروخت کے ریکارڈ اور فراہمی کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ دوران کارروائی مختلف مقامات پر موجود گندم کے ذخائر کی جسمانی تصدیق کی گئی جبکہ لائسنس، ریکارڈ اور دیگر متعلقہ دستاویزات بھی چیک کی (بقیہ نمبر 10)

اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کے مسائل کے فوری حل کے لیے ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق نے اپنے دفتر میں شہریوں سے ملاقات کی، ان کے مسائل سنے اور فوری حل کے لئے اقدامات کئے

بحیرہ عرب میں لاپتہ ہونے والے کارگو طیارے کا ملبہ مل گیا

کراچی (این این آئی) بحیرہ عرب میں گزشتہ روز لاپتہ ہونے والے نجی کمپنی کے کارگو طیارے کا ملبہ اورماڑہ کے ساحل سے 53 ناٹیکل میل جنوب سے مل گیا ہے۔ پاک بحریہ اور پی ایم ایس اے نے سمندر میں 12 گھنٹے سے زائد جاری رہنے والے آپریشن میں ملبہ تلاش کیا۔ ذرائع کے مطابق مزید شواہد اور عملے کے ارکان کی تلاش کے لیے سمندر میں ریسکیو کارروائیاں تاحال جاری ہیں۔ پاک بحریہ اور پی ایم ایس اے کے (بقیہ نمبر 30)

عطا اللہ تارڑ کا کامریڈ شاہد عثمانی کے انتقال پر اظہار افسوس

مرحوم کی صحافتی اور سماجی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، وزیر اطلاعات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس کی سابق سیکریٹری جنرل اور ممبر فیڈرل ایگزیکٹو کونسل (ایف ای سی) فوزیہ شاہد کے شوہر کامریڈ شاہد عثمانی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا (بقیہ نمبر 31)

الیکشن کمیشن نے سیاسی جماعتوں سے گوشواروں کی تفصیلات طلب کر لیں

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے سیاسی جماعتوں سے سالانہ مالی گوشواروں کی تفصیلات 29 اگست تک طلب کر لیں۔ الیکشن کمیشن کے اعلامیہ کے مطابق سیاسی جماعتیں آڈٹ شدہ گوشوارے چارٹرڈ اکاؤنٹ کے ذریعے جمع کروائیں۔ اعلامیہ کے مطابق مالی گوشواروں پر پارٹی کے مجاز عہدے دار کے دستخط ہوں۔ تفصیلات میں شامل کیا جائے کہ پارٹی کو ممنوعہ ذرائع سے کوئی فنڈ موصول نہیں ہوا۔ الیکشن کمیشن کے مطابق (بقیہ نمبر 32)

پیپلز پارٹی کا 40 سال بعد مینار پاکستان میں جلسہ کرنے کا اعلان

25 جولائی کو مینارِ پاکستان گراؤنڈ میں تاریخی کنونشن اور جلسہ منعقد ہوگا، فیصل میر

لاہور (اے ایف پی) پاکستان پیپلز پارٹی نے 40 سال بعد مینارِ پاکستان لاہور میں جلسہ کرنے کا اعلان کر دیا۔ پارٹی قیادت کے مطابق 25 جولائی کو مینار پاکستان گراؤنڈ میں تاریخی کنونشن اور جلسہ منعقد ہوگا جبکہ پروگرام 25 اور 26 جولائی کی درمیانی شب تک جاری رہے گا۔ پیپلز پارٹی کے رہنما فیصل میر نے ایک بیان میں کہا کہ آخری مرتبہ 10 اپریل 1986 کو شہید محترمہ بے نظیر بھٹو نے مینار پاکستان پر تاریخی جلسے سے خطاب کیا (بقیہ نمبر 33)

طلال چوہدری نے خیبر پختونخوا اسمبلی کا مراعاتی بل مضحکہ خیز قرار دیدیا

خیبر پختونخوا اسمبلی سے پاس نیا مراعاتی بل سیاسی رشوت اور تحریک انصاف کے دوہرے معیار کا عکاس قرار

کے پی اسمبلی کا منظور کردہ بل اور اس کے تحت دی جانے والی غیر منصفانہ مراعات وفاقی حکومت پر کسی صورت لازم نہیں ہیں، وزیر مملکت

نیشنل پولیس کالج اسلام آباد میں پولیس افسران کے لیے ریسپانس اگینسٹ ایکٹو ٹیررسٹ انسیڈنٹ (RATI) کورس جاری ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت داخلہ امور سینیٹر طلال چوہدری نے خیبر پختونخوا اسمبلی سے پاس ہونے والے نئے مراعاتی بل کو سیاسی رشوت اور تحریک انصاف کے دوہرے معیار کا عکاس قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ کے پی اسمبلی کا منظور کردہ بل اور اس کے تحت دی جانے والی غیر منصفانہ مراعات وفاقی حکومت پر کسی صورت لازم نہیں ہیں اور وفاق اس ماورائے قانون اقدام کو تسلیم نہیں کرے گا۔ اپنے ویڈیو پیغام میں وزیر مملکت طلال چوہدری نے کہا کہ کے پی اسمبلی کا منظور (بقیہ نمبر 34)

غیر رجسٹرڈ نجی تعلیمی اداروں کو بند کرنے کا فیصلہ

محکمہ تعلیم کی جانب سے کمیٹی کے قیام کا باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا

لاہور (آئی آئی پی) لاہور میں غیر رجسٹرڈ نجی تعلیمی اداروں کو بند کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ڈسٹرکٹ لاہور میں 766 غیر رجسٹرڈ تعلیمی ادارے کام کر رہے ہیں، کاہنہ میں سکول کی چھت گرنے کے باعث غیر رجسٹرڈ ادارے بند (بقیہ نمبر 35)

ریویو پٹیشن پر کورٹ فیس اور سکیورٹی دونوں لازمی

دونوں ادائیگیاں الگ الگ قانونی تقاضے ہیں، ایک دوسرے کا متبادل نہیں

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے ریویو پٹیشن دائر کرنے کے طریقہ کار سے متعلق ایک اہم قانونی فیصلہ جاری کرتے ہوئے قرار دیا ہے کہ ریویو پٹیشن پر مقررہ کورٹ فیس اور پانچ ہزار روپے سکیورٹی دونوں کی ادائیگی لازمی ہے اور دونوں تقاضوں کو ایک دوسرے کا متبادل نہیں سمجھا جاسکتا۔ جسٹس مزمل اختر شبیر نے سائلہ شبیراں بی بی کی جانب سے رجسٹرار آفس کے اعتراض کے خلاف دائر اعتراضی درخواست پر تحریری حکم جاری کیا۔ عدالت نے اپنے فیصلے میں قرار دیا کہ کورٹ فیس اور پانچ ہزار روپے سکیورٹی دو الگ الگ قانونی (بقیہ نمبر 36)

ایس پی پوٹھوہار سردار بابر ممتاز خان کا تھانہ واہ کینٹ، ٹیکسلا اور صدر واہ کا دورہ کر رہے ہیں

پوڈ کاسٹر ریحان طارق کو مبینہ طور پر گرفتار کرلیا گیا

لاہور (آئی آئی پی) معروف پوڈ کاسٹر اور یوٹیوبر ریحان طارق کو مبینہ طور پر لندن سے واپسی پر لاہور ایئرپورٹ سے گرفتار کرلیا گیا۔ اینکر پرسن علی حمزہ نے دعویٰ کیا ہے کہ ریحان طارق کو ان کے آخری پوڈ کاسٹ کے مواد کی وجہ سے این سی سی آئی اے کو موصول ہونے والی شکایات پر حراست میں لیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ جب ریحان طارق رات ایک بجے لاہور ایئرپورٹ پر لینڈ ہوئے تو انہیں وفاقی تحقیقاتی ادارے) ایف آئی اے (نے روک لیا، ریحان طارق نے مجھ سے فون پر رابطہ کر کے بتایا کہ ایف آئی اے والوں نے انہیں روکا ہے اور کہا کہ آپ این سی سی آئی اے کو مطلوب ہیں۔

تمام ڈیموں پر دفعہ 144 نافذ

کرک (آئی آئی پی) ضلع کرک کے تمام ڈیموں پر دفعہ 144 نافذ کرتے ہوئے تفریحی سرگرمیوں پر پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ کشتی رانی، مچھلی پکڑنے اور دیگر تفریحی سرگرمیوں پر 30 دن کے لیے پابندی نافذ رہے گی۔ ضلعی انتظامیہ کا کہنا ہے کہ حالیہ غیر معمولی بارشوں کے باعث ڈیموں میں پانی کی سطح خطرناک حد تک بلند ہو گئی ہے۔ پابندی کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔

تاجروں کی فکسڈ ٹیکس سکیم میں رجسٹریشن کیلئے موبائل ایپ تیار

رواں ہفتے کے دوران ٹرائل بنیادوں پر موبائل ایپ کو لانچ کر کے ایکسرسائز کی جائے گی

ستمبر کے دوران فکسڈ ٹیکس سکیم میں رجسٹرڈ ریٹیلرز کو ریٹرنز فائل کرنا ہوگی، ذرائع وزارت خزانہ

لاہور (این این آئی) تاجروں کی فکسڈ ٹیکس سکیم میں رجسٹریشن کیلئے موبائل ایپ تیار کر لی گئی۔ ذرائع وزارت خزانہ کے مطابق ریٹیلرز کیلئے وزارت خزانہ کی جانب سے آئندہ ہفتے تک فائنل موبائل ایپ متعارف کرا دی جائے گی، رواں ہفتے کے دوران ٹرائل بنیادوں پر موبائل ایپ کو لانچ کر کے ایکسرسائز کی جائے گی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ چھوٹے تاجروں کی موبائل ایپ کے ذریعے آئندہ ماہ سے رجسٹریشن شروع ہو جائے گی، ستمبر کے دوران فکسڈ ٹیکس سکیم میں رجسٹرڈ ریٹیلرز (بقیہ نمبر 37)

غیر ملکی خواتین کے اغوا، ریپ کیس میں اہم پیشرفت

رضا ڈار سمیت 4 ملزمان کے جسمانی ریمانڈ میں توسیع کر دی گئی

لاہور (این این آئی) غیر ملکی خواتین کے اغوا، ریپ کیس میں اہم پیشرفت سامنے آئی ہے ،عدالت نے رضا ڈار سمیت 4 ملزمان کے جسمانی ریمانڈ میں توسیع کر دی۔ کینٹ کچہری لاہور میں 2 غیر ملکی خواتین سے زیادتی اور اغواء کے مقدمے کی سماعت ہوئی۔ دوران سماعت پولیس نے رضا ڈار سمیت 4 ملزمان کو چہروں پر ماسک لگا کر جسمانی ریمانڈ ختم ہونے پر عدالت پیش کیا۔ سماعت کے دوران استغاثہ نے ریمانڈ میں توسیع کی استدعا کرتے ہوئے عدالت کو بتایا کہ ملزمان کے ڈی این اے اور فنگر پرنٹ ٹیسٹ کرائے گئے ہیں۔ پراسیکیوٹر نے عدالت کو بتایا کہ پولیس کو جرم میں مبینہ طور پر استعمال ہونے والی گاڑی کے ساتھ (بقیہ نمبر 38)